Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعرات، 27 جولائی 2023ء، 08 محرم الحرام 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 93

نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی کی زیرصدارت اعلی سطح کا اجلاس منعقد ہوا، نگران وزیراعلی نے فلاح عامہ کے منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کردی

نگران وزیراعلیٰ پنجاب نے لاہور میں نکاسی آب کیلئے قابل عمل پلان طلب کرلیا

بڑی شاہراہوں پر پانی کی نکاسی کا موثر نظام کا نہ ہونا قابل توجہ ہے، مال روڈ، ملتان روڈ، مین بلیوارڈ گلبرگ اور دیگر بڑی سڑکوں پر پانی کی فوری نکاسی میں کوتاہی نہ کی جائے

صوبائی وزیر ہاسنگ اظفر علی ناصر، چیف سیکرٹری، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، سیکرٹریز خزانہ، تعمیرات ومواصلات، ہاسنگ، کمشنر لاہور ڈویژن، ایل ڈی اے اور سی بی ڈی کے حکام نے اجلاس میں شرکت کی

لاہور (خبرنگار) نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے لاہور میں نکاسی آب کے مسائل کے پائیدار حل کیلئے قابل عمل پلان طلب کرلیا۔ نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی کی زیرصدارت اعلی سطح کا اجلاس منعقد ہوا، نگران وزیراعلی نے فلاح عامہ کے منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کردی۔ اجلاس میں نگران وزیراعلی نے لاہور کی سڑکوں پر بارش کے پانی کے فوری نکاس کیلئے ضروری اقدامات پر بھی زور دیا۔ نگران وزیراعلی محسن نقوی نے شہر بھر میں سڑکوں کے کنارے گرین بیلٹس کا لیول سڑک کے متوازی رکھنے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ بڑی شاہراہوں پر پانی کی نکاسی کا موثر نظام کا نہ ہونا قابل توجہ ہے، مال روڈ، ملتان روڈ، مین بلیوارڈ گلبرگ اور دیگر بڑی سڑکوں پر پانی کی فوری نکاسی میں کوتاہی نہ کی جائے۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ لاہور سمیت بڑے شہروں کے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کی بروقت تکمیل ناگزیر ہے۔ اجلاس میں لاہور کے جاری ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی، صوبائی وزیر ہاسنگ اظفر علی ناصر، چیف سیکرٹری، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، سیکرٹریز خزانہ، تعمیرات ومواصلات، ہاسنگ، کمشنر لاہور ڈویژن، ایل ڈی اے اور سی بی ڈی کے حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ مال روڈ، ملتان روڈ، مین بلیوارڈ گلبرگ اور دیگر بڑی سڑکوں پر پانی کی فوری نکاسی میں کوتاہی نہ کی جائے۔ محسن نقوی کا کہنا (بقیہ نمبر 1)

عمران خان کی توشہ خانہ فوجداری کیس کا ٹرائل روکنے کی استدعا مسترد

سپریم کورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست نمٹادی، ٹرائل کورٹ کے معاملے میں مداخلت نہیں کریں گے، عدالت

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سپریم کورٹ نے توشہ خانہ سے متعلق چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست نمٹا دی۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ نے توشہ خانہ فوجداری کیس کا ٹرائل روکنے کی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی استدعا مسترد کر دی ہے، عدالت نے (بقیہ نمبر4)

نگران حکومت کے اختیارات کا معاملہ، حکومت اتحادیوں کو منانے میں کامیاب

حکومت نے شق 230 بل سے نہ نکالنے کا فیصلہ کرلیا، نگران حکومت کے اختیارات محدود ہوں گے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) نگران حکومت کے اختیارات سے متعلق شق 230 کو بل سے نہ نکالنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نگران حکومت کے اختیارات کے معاملے پر پیشرفت ہوئی ہے، حکومت اتحادیوں کو منانے میں کامیاب ہو گئی (بقیہ نمبر 3)

وزارت خزانہ نے مہنگائی میں کمی کی خوشخبری دے دی

پیٹرولیم مصنوعات سستی کرنے سے ٹرانسپورٹ کرایوں میں بھی کمی ہوگی؛ وزارت خزانہ اسحاق ڈار

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزارت خزانہ اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ جولائی میں مہنگائی کی شرح میں کمی کا امکان ہے۔ وزارت خزانہ کی ماہانہ اقتصادی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی سے ضروری اشیاء سستی ہوں گی، پیٹرولیم (بقیہ نمبر 2)

آج یہاں آکر بہت خوشی ہوئی وزیراعلی سندھ ایک جواں سال وزیراعلی ہیں اوران کی ٹیم محنت کررہی ہے، گورنر کا جوانوں کی ٹریننگ کیلئے شاندار پروگرام لائق تحسین ہے

اگلے ماہ ہماری ٹرم پوری ہورہی

عوام کے مینڈیٹ سے نئی حکومت آئیگی، وزیراعظم

بینک آسانی سے بڑے بڑے بزنس ہاسز کولون دیتے ہیں، بینکوں کو یقینی بنانا ہوگا کہ نوجوانوں کو بھی لون ملے، گزشتہ حکومت نے نوجوانوں، کسانوں، چھوٹی انڈسٹریز کا خیال نہیں رکھا، وزیراعظم شہباز شریف

غربت اور بے روزگاری سے نجات کیلئے مربوط پلان تیار کرلیا ہے پاکستان اب ڈیفالٹ کے خطرے سے نکل چکا ہے، کچھ لوگ جادوٹونا اور پھونکیں مار رہے تھے کہ ملک ڈیفالٹ کر جائے، اللہ کا شکر ہے پاکستان ڈیفالٹ کی جانب نہیں گیا

وسائل کو نوجوانوں کے قدموں میں نچھاور کرنا چاہیے، نوجوانوں کی صلاحیتوں کو مزید نکھارنے کی ضرورت ہے، ماضی میں خادم پنجاب کی حیثیت سے جو کچھ کیا وہ نہیں بتانا چاہتا یہ پچھلے بجٹ سے ایک لاکھ لیپ ٹاپ تقسیم کررہے ہیں

کراچی (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ اگلے ماہ ہماری حکومت کی ٹرم پوری ہورہی ہے، عوام کے مینڈیٹ سے نئی حکومت آئے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف آج ایک روزہ دورے پر کراچی پہنچے جہاں ان کا لیپ ٹاپس تقسیم کرنے کی تقریب میں پرتپاک استقبال کیا گیا۔ وزیراعظم نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج یہاں آکر بہت خوشی ہوئی وزیراعلی سندھ ایک جواں سال وزیراعلی ہیں اوران کی ٹیم محنت کررہی ہے، گورنر کا جوانوں کی ٹریننگ کیلئے (بقیہ نمبر 5)



کراچی: وزیراعظم شہبازشریف کا کراچی ایک روزہ دورے پرخطاب کررہے ہیں۔

کوئٹہ میں 9اور 10 محرم الحرام کوموبائل فون سروس بندرہے گی

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 9اور 10 محرم الحرام کو موبائل فون سروس بند رہے گی، صوبائی محکمہ داخلہ نے وفاقی حکومت کو مراسلہ جاری کر دیا۔ کوئٹہ میں محرم الحرام (بقیہ نمبر 10)

حکومت پنجاب کا بلدیہ کی تمام خدمات ایک کلک پر منتقل کرنے کا فیصلہ

کمپلینٹ مینجمنٹ اینڈ انفارمیشن سسٹم کی ہیلپ لائن ہفتے میں سات دن اور چوبیس گھنٹے دستیاب ہوگی

لاہور (نیوز رپورٹر) حکومت پنجاب کی جانب سے بلدیہ کی خدمات، شکایات اور آگاہی کے حوالے سے کمپلینس مینجمنٹ اینڈ انفارمیشن سسٹم تیار کرلیا گیا ہے جبکہ 1198 ہیلپ لائن کے اجراء کی تیاریاں بھی مکمل کرلی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق میونسپل سروسز بارے آگاہی اور شکایات کے اس (بقیہ نمبر11)

سعودی عرب، یو اے ای اور قطر پاکستان میں بڑی سرمایہ کاری کرینگے، سابق سعودی سفیر

،سات ریاستوں کے 2.3 ٹریلین روپے (8 ارب ڈالر) کے اثاثے اس فنڈ میں منتقل کئے جارہے ہیں، سابق سعودی سفیر

2035 تک پاکستان کی معیشت ایک ٹریلین ڈالر ہوجائے گی، یو اے ای کے ساتھ جامع معاشی شراکت داری طے پا گئی ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف کے پاکستان کی معاشی خودانحصاری کے پلان میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے، خلیجی ممالک نے پاکستانی معاشی ترقی میں شراکت دار بننے کا عندیہ دے دیا۔ پاکستان میں سابق سعودی سفیر علی عواد العسیری نے اپنے مضمون میں انکشاف کیا (بقیہ نمبر 12)



اسلام آباد: صدرمملکت ڈاکٹر عارف علوی گفتگو کررہے ہیں

نگراں وزیراعظم سے متعلق بحث قبل از وقت ہے، فیصلہ PDM اور اتحادی قیادت کرے گی، وزیر خزانہ

پارلیمنٹ نے 5 سالہ نااہلی سے متعلق فیصلہ کرلیا ہے، نواز شریف اور جہانگیر ترین کی نااہلی کے 5 سال پورے ہوگئے ہیں

میں نے کہا تھا پاکستان ڈیفالٹ نہیں کرے گا، ڈالر کے مقابلے میں روپے کی اصل قیمت 244 روپے ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ نگراں وزیراعظم سے متعلق بحث قبل از وقت ہے، اس کا فیصلہ پی ڈی ایم اور اتحادی قیادت کرے گی۔ ایک انٹرویو میں اسحاق ڈار نے کہا کہ نگراں وزیراعظم کی تقرری سے متعلق ابھی مشاورت شروع نہیں ہوئی، اس متعلق (بقیہ نمبر6)

سیکرٹری ایمرجنسی سروسز نے عاشورہ کے ریسکیو ومیڈیکل ایمرجنسی کور کا جائزہ لیا

بڑی ایمرجنسی کی صورت میں فوری مدد کے لیے ہائی الرٹ رہے گی، سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر رضوان نصیر نے پنجاب کے تمام اضلاع میں عاشورہ کے ماتمی جلوسوں کو ایمرجنسی کور فراہم کرنے کے لیے ریسکیو 1122 (بقیہ نمبر7)

ANTI NARCOTICS FORCE
PAKISTAN
Drug Free Society

لاہور: اے این ایف کا چھاپہ، ڈرون کے ذریعے منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام

امیر البحر کی زیر صدارت نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں کمانڈ اینڈ اسٹاف کانفرنس کا انعقاد

قومی سلامتی، جیواسٹریٹیجک اموراورجنگی تیاریوں سے متعلق متعدد موضوعات کا جائزہ اور سروس کی مختلف پالیسیوں پر تبادلہ خیال کیا

نیول چیف نے پاکستان کے خلاف کسی بھی جارحیت کا مؤثر انداز سے مقابلہ کرنے کے لیے مستقل جنگی تیاریوں کو برقرار رکھنے پر زور دیا

اسلام آباد (نمائندہ عوام للکار) پاک بحریہ کی کمانڈ اینڈ اسٹاف کانفرنس نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں اختتام پذیر ہوئی۔ کانفرنس کی صدارت چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے کی۔ کانفرنس کے دوران شرکاء نے خطے میں بدلتی ہوئی سمندری صورتحال، قومی سلامتی، جیواسٹریٹیجک امور اور جنگی تیاریوں سے متعلق متعدد موضوعات کا جائزہ اور سروس کی مختلف پالیسیوں پر تبادلہ خیال کیا۔ علاوہ ازیں، ملک میں جاری مون سون سیزن کے دوران ممکنہ سیلاب الرٹس کے پیش نظر قدرتی (بقیہ نمبر9)

آزاد کشمیر کے سرکاری ادارے علاقائی زبانوں میں تفریق نہ پیدا کریں، میاں محمد یوسف

مظفرآباد (نیوز رپورٹر) مظفرآباد سانجھی تہذیب گوجری زبان وادب جموں وکشمیر کے صدر میاں محمد یوسف نے کہا ہے کہ آزاد جموں (بقیہ نمبر 8)

سات محرم الحرام کے سلسلہ میں شہر بھر میں شبیہ ذوالجناح کے جلوس

گرجاروڈ کے درجنوں مقامات سے شبیہ ذوالجناح، علم اور تعزیہ کے جلوس برآمد ہوئے

راولپنڈی (عبدالرحمٰن سے) گزشتہ روز سات محرم الحرام کے موقع پر ملک بھر کی طرح راولپنڈی چک جلال دین میں شبیہ ذوالجناح اور تعزیہ کے جلوس برآمد ہوئے۔ چک جلال دین میں (بقیہ نمبر 13)

واہ کینٹ پولیس کی کاروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) واہ کینٹ پولیس کی کاروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم عمران کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم رواں سال سے واہ کینٹ پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان اورانکے سہولت (بقیہ نمبر 15)

راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، 08 ملزمان گرفتار، 04 کلو سے زائد چرس، شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس نے ملزم بابر سے 02 کلو400 گرام چرس اور01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن (بقیہ نمبر14)

نگران وزیراعظم کے اختیارات میں اضافہ، پارلیمنٹ میں الیکشن ایکٹ ترمیمی بل منظور

پی ٹی آئی کی مخالفت کے باوجود پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں الیکشن ایکٹ کے سیکشن 230 کے کلاز 2اے کومنظور کرلیا گیا

ترمیم منظوری کے بعد ہارنے اور جیتنے والے امیدوار کے درمیان ووٹ کا فرق 5فیصد ہونے پر دوبارہ گنتی ہوسکے گی

اسلام آباد (نامہ نگار) پی ٹی آئی کی مخالفت کے باوجود پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں الیکشن ایکٹ کے سیکشن 230 کے کلاز 2اے کو منظور کرلیا گیا ہے۔ الیکشن ایکٹ کے سیکشن 230 کی منظوری کے ذریعے نگراں وزیراعظم کے اختیارات میں اضافہ کیا گیا ہے، اس سیکشن کی پیپلز پارٹی کے (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد: وفاقی کابینہ نے آفیشل سیکرٹ ایکٹ 1923 میں ترمیم کی منظوری دیدی، اجلاس کے مناظر

ریاض میں ایک لاکھ 80 ہزار سکوائر میٹر پر محیط 20 پارکس کا افتتاح

ریاض (نیوز ڈیسک) سعودی حکومت کی جانب سے صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دینے کے پروگرام کے تحت ریاض کے نائب گورنر شہزادہ محمد بن عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز کی سرپرستی میں 20 پارکس کا افتتاح کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ پارکس 18 رہائشی علاقوں میں بنائے گئے ہیں اور ان (بقیہ نمبر17)

ایکواڈور کی جیل میں ہنگامہ آرائی سے ہلاکتوں کی تعداد 31 ہوگئی

کیوٹو (نیوز ڈیسک) ایکواڈور کی خطرناک جیلوں میں ایک ہفتے سے جاری تشدد کی لہر میں ہلاکتوں کی تعداد 31 ہوگئی، جبکہ فوج نے کنٹرول واپس لے لیا۔ حکومت نے ملک کی جیلوں میں دو ماہ کے لیے ایمرجنسی نافذ کررکھی ہے (بقیہ نمبر 20)

ابرار احمد خان کے ہمراہ 35 رکنی وفد نے راولپنڈی کالج آف کامرس کا دورہ

پرنسپل سید شاہد گیلانی نے ادارے کے بارے میں بریفنگ دی اور اپسما کے وفد کو خوش آمدید کہا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن راولپنڈی ڈویژن کے صدر ابرار احمد خان کے ہمراہ 35 رکنی وفد نے راولپنڈی کالج آف کامرس اینڈ سائنس (بقیہ نمبر 21)

14 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، ایس پی صدر

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پتریاٹہ پولیس کی کاروائی، 14 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ پتریاٹہ پولیس کو متاثرہ لڑکے کے چچا نے درخواست دی کہ ملزم منیب نے اس کے بھتیجے کو زیادتی کا نشانہ بنایا، پتریاٹہ پولیس نے متاثرہ لڑکے کے چچا کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم منیب کو گرفتار کرلیا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، زیادتی ناقابل برداشت ہے ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، زیادتی (بقیہ نمبر 18)

ایس ایچ او تھانہ مندرہ اورانکی ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ

بانٹھ اڈا سے ملزم سے 24 سو گرام چرس اور 30 بور پسٹل برآمد

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق نوتعینات ایس ایچ او تھانہ مندرہ ملک کاشف اور انکی ٹیم کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاون پولیس تھانہ مندرہ نے مخبر خاص کی اطلاع پر کاروائی کرتے ہوئے مندرہ کے نواحی علاقہ بانٹھ اڈا سے ملزم سے 2400 گرام چرس اور 30 بور پسٹل معہ 5 زندہ روند برآمد کر کے ملزم کے خلاف منشیات ایکٹ اور ناجائز اسلحہ کی دفعات کے تحت مقدمہ نمبر (بقیہ نمبر 19)

چوری کی وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار، وارث خان پولیس

لاکھوں روپے مالیت کے چوری شدہ 02 گیئر بکس اور زیر استعمال رکشہ برآمد

ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کے چوری شدہ 02 گیئر بکس اور زیر استعمال رکشہ برآمد ہوا

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) وارث خان پولیس کی کارروائی، چوری کی وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کے چوری شدہ 02 گیئر بکس اور زیر استعمال رکشہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان (بقیہ نمبر 23)

عاشورہ محرم الحرام کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائیں گے

فیلڈ افسران ضلعی انتظامیہ، انتظامی کمیٹیوں اور پولیس کے ساتھ رابطے میں رہیں گے

اسلام آباد اور تمام آپریشن سرکلز میں مانیٹرنگ کنٹرول روم قائم۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) محرم الحرام اور خاص طور پر 9اور10 محرم کو مجالس اور جلوس کے دوران بجلی کی بلاتعطل ترسیل اور بجلی کی خرابی کی صورت میں بروقت بحالی کیلئے تمام ترضروری اقدامات کرلئے گئے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان اور آپریشن ڈائریکٹر محمد اسلم خان کی زیرنگرانی ہونے والی میٹنگ کے دوران تمام فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی گئیں کہ وہ ضلعی انتظامیہ، انتظامی کمیٹیوں اور پولیس کے ساتھ مکمل رابطے میں رہیں اور ان سے ماتمی جلوسوں کے ممکنہ روٹس کے بارے (بقیہ نمبر24)

صدر نے سزا یافتہ ریٹائرڈ سرکاری ملازم کی پنشن بحال کرنے کی اپیل مسترد کردی

سابق سینئر آڈیٹر میر محمد قمبرانی کو ملازمت سے ریٹائرمنٹ کے بعد گاڑی میں 54 کلوگرام چرس رکھنے پر سزا سنائی گئی تھی

ڈاکٹر عارف علوی نے مزید کہا کہ ملزم نے رضا کارانہ طور پر اعتراف کیا کہ اس سے قبل وہ 4/5 بار منشیات سمگل کرتا رہا ہے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) صدرمملکت ڈاکٹر عارف علوی نے 54 کلو چرس رکھنے پر اے جی پی آر کے سابق ملازم کی پنشن روکنے کا حکم دے دیا۔ اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان ریونیو کے سابق سینئر آڈیٹر میر محمد قمبرانی کو ملازمت سے ریٹائرمنٹ کے بعد گاڑی میں 54 کلوگرام چرس رکھنے پر سزا سنائی گئی تھی، اسے منشیات کنٹرول ایکٹ 1997 کے تحت خصوصی عدالت نے عمر قید بامشقت اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی، اے جی پی آر نے سزا سنائے جانے کی تاریخ سے پنشن روک دی، شکایت کنندہ نے پنشن بحالی کیلئے وفاقی محتسب کو شکایت درج کرائی جسے مسترد کر دیا گیا۔ صدر مملکت نے بھی اے جی (بقیہ نمبر22)



لاہور: پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری شجاعت حسین گفتگو کررہے ہیں

یا اللہ
یا رسول اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا حبیب اللہ
عبدالقادر شاہ
چن پیر
شہدائے کربلا کانفرنس
8
محرم الحرام
بروز جمعرات
صبح 10 بجے
احمد حسن چشتی
سعادت علی شاہ
وجاہت حسین شاہ
مصباح الحسن شاہ
محمد طارق
علی ارشد
محمد نعمان علی
عبدالقادر
شہباز حسینی
حافظ شمشیر علی
بمقام کھوکھر مارکیٹ علی پور اسلام آباد
نوٹ: بارش کی صورت میں پروگرام جامع مسجد عثمان غنی میں ہوگا
لنگر حسینی کا خصوصی اہتمام ہوگا
الداعی الی الخیر: اہلیان علی پور وگردونواح اسلام آباد

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

کھیل کے میدان سے اچھی خبریں

پاکستان کے حمزہ خان نے 37 سال بعد ورلڈ جونیئر سکواش چیمپئن شپ جیت لی ہے جبکہ ایمرجنگ ایشیا کپ کے فائنل میں پاکستان نے بھارت کو ہرا دیا۔ آسٹریلیا کے شہر میلبورن میں جاری سکواش چیمپئن شپ کے فائنل میں حمزہ نے مصر کے کھلاڑی کو شکست دی اور یوں وہ لگ بھگ چار دہائیوں بعد جونیئر عالمی سکواش کے میدان میں ایک بار پھر سبز ہلالی پرچم لہرانے میں کامیاب ہو گئے۔ حمزہ سے قبل 1986 میں جان شیر خان نے یہ ٹائٹل جیتا تھا، ان کے بعد پاکستان کا کوئی بھی کھلاڑی اِس عالمی جونیئر چیمپئن شپ میں کامیابی حاصل نہ کر سکا تاہم 2008 میں پاکستان کے عامر اطلس خان چیمپئن شپ کے فائنل میں پہنچنے میں کامیاب ہوئے تھے۔ صدر مملکت عارف علوی نے حمزہ خان کو ٹائٹل جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ اپنی ٹویٹ میں صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کی سکواش میں ابھی تک بالادستی قائم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے ذاتی طور پر پاکستانی عظیم کھلاڑیوں کے فائنل دیکھے ہیں، ایک طویل عرصے بعد انہیں اِس میدان میں امید کی کرن نظر آئی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بھی عظیم کارنامے پر حمزہ کو مبارکباد کا پیغام بھیجا جس میں ان کا کہنا تھا کہ حمزہ نے عالمی ٹائٹل 2023 اپنے نام کر کے عظیم جان شیر خان کی یاد تازہ کر دی ہے، امید ہے آنے والے وقت میں پاکستان کو سکواش کے میدان میں ناقابلِ تسخیر بنائیں گے۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے حمزہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ آپ نے عالمی میدان میں پاکستان کا پرچم بلند کیا ہے، آپ کے کھیل میں جہانگیر خان اور جان شیر خان کی جھلک نظر آئی ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف، ڈپٹی سپیکر زاہد اکرم درانی اور وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے بھی حمزہ کو اِس کامیابی پر مبارکباد کے پیغام بھیجے ہیں۔ دوسری جانب کولمبو میں ایشیا ایمرجنگ کپ کے فائنل میں پاکستان اے کے شاہینوں نے اپنے روایتی حریف بھارت کو ہرا کر مسلسل دوسری مرتبہ ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ پاکستان نے بھارت کو 128 رنز کے بڑے مارجن سے شکست دی، پہلی باری لیتے ہوئے پاکستان نے مقررہ اوورز میں آٹھ وکٹوں کے نقصان پر 352 رنز بنائے جن میں طیب طاہر کی شاندار سنچری بھی شامل ہے۔ نوجوان پاکستانی شاہینوں نے اپنی بالنگ سے بیٹنگ کو بری طرح ناکام کر دیا اور بھارت کی پوری ٹیم 40 اوورز میں صرف 229 رنز بنانے میں کامیاب ہو سکی۔ پاکستان کے بالر سفیان نے تین کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی جبکہ ارشد اقبال، عمران وسیم اور محمد وسیم نے دو، دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ سکواش کے میدان میں ایک عرصے تک پاکستان کی مکمل اجارہ داری رہی۔ جہانگیر خان اور جان شیر خان نے جو ریکارڈ بنائے انہیں توڑنا آج بھی ناممکن نظر آتا ہے۔ جہانگیر خان پانچ سال تک ناقابلِ شکست رہے، انہیں سکواش کی دنیا کا سب سے عظیم کھلاڑی مانا جاتا ہے۔ 10 مرتبہ برٹش اوپن، چھ بار ورلڈ اوپن جیتنے اور دنیا کے سب سے کم عمر عالمی چیمپئن ہونے کا اعزاز رکھتے ہیں جبکہ جان شیر خان سب سے زیادہ آٹھ مرتبہ ورلڈ اوپن سکواش چیمپئن شپ جیتنے کا اعزاز رکھتے ہیں۔ اِن دونوں عظیم کھلاڑیوں کے یہ ریکارڈ تاحال ناقابلِ تسخیر ہیں۔ جہانگیر خان کو ایک ایسا اعزاز بھی حاصل ہے جو شاید کبھی توڑا ہی نہ جا سکے، انہوں نے مسلسل 555 میچوں میں ایک سیٹ بھی نہیں ہارا جو انہیں عظیم ترین ایتھلیٹوں کی صف میں سب سے زیادہ نمایاں کرتا ہے۔ جہانگیر خان اور جان شیر خان کے بعد پاکستان سکواش میں اپنا مقام برقرار نہ رکھ سکا، اِن کے بعد کوئی بھی پاکستانی کھلاڑی عالمی سطح پر کوئی بھی ٹائٹل اپنے نام نہ کر سکا۔ جدید ترین سکواش کورٹس کی عدم دستیابی، کھلاڑیوں کی عالمی معیار کے مطابق تربیت کا نہ ہونا اور کھلاڑیوں کو نوکریاں نہ ملنے جیسے مسائل نے پاکستانی کھلاڑیوں کو بہت پیچھے دھکیل دیا تاہم عامر اطلس اور حمزہ جیسے کھلاڑیوں نے ہمت نہیں ہاری اور جہدِ مسلسل سے عالمی سطح پر ایک بار پھر پاکستان کا پرچم بلند کیا۔ کرکٹ کے میدان میں پاکستانی کارنامے کسی سے ڈھکے چھپے نہیں۔ 50 اوورز کی عالمی چیمپئن شپ ہو، ٹی ٹونٹی ہو یا ٹیسٹ کرکٹ، پاکستانی شاہینوں نے ہر میدان میں کامیابی کے جھنڈے گاڑے، تمام عالمی ٹائٹل اپنے نام کیے۔ پاکستان نے اس میدان میں بھی کئی عظیم کھلاڑی پیدا کیے جنہیں تمام دنیا نے تسلیم کیا۔ حال ہی میں سری لنکا کو پہلے ٹیسٹ میں شکست دینے کے بعد پاکستان ٹیسٹ کرکٹ رینکنگ میں نمبر ون پر آ گیا ہے۔ شدید معاشی اور سیاسی مشکلات میں گھرا پاکستان اِس وقت مشکل مرحلے سے گزر رہا ہے، عام آدمی حالات سے پریشان ہے، ایسے میں ایک ہی دن میں دو اچھی خبریں گھٹن کے اس ماحول میں ذہنی تسکین کا باعث بنی ہیں۔ پاکستانی کھیلوں کو سازشوں کا نشانہ بنایا گیا، مارچ 2009 میں سری لنکن کرکٹ ٹیم پر حملے کے بعد پاکستان کے میدان غیر محفوظ قرار دے دیئے گئے، اس پر عالمی کرکٹ کے دروازے بند کر دیئے گئے، کھلاڑیوں کے لئے عالمی میدان میں مقابلے کے مواقع کم ہو گئے۔

عوامی رائے کا احترام، ہر مسئلے کا حل

مجھے یاد ہے 2018 کے یہی دن تھے جب ووٹروں پر بہار آئی ہوئی تھی، ہر طرف ان کی شنوائی تھی اور ان کی طرف سے رخ پھیرنے والی جماعتیں اور امیدواران پر صدقے واری جا رہے تھے، اب کچھ دن بعد پھر یہی دن آنے والے ہیں، انتخابات کا بگل جلد یا بدیر بجنے والا ہے، کوئی بڑی انہونی نہ ہوئی تو آئندہ دو تین ماہ میں پولنگ کا دن آ جائے گا، ویسے تو کہا جاتا ہے کہ پاکستان میں جیتنے اور ہارنے والوں کے فیصلے بھی کہیں اور ہوتے ہیں لیکن عوام کا جو جوش و خروش کسی جماعت یا امیدوار کے حق میں نظر آتا ہے، اسے بھی نظر انداز

نسیم شاہد

نہیں کیا جا سکتا، جس مخلوق کو عوام کہا جاتا ہے، وہ بظاہر کوئی اہمیت نہیں رکھتی، خاص طور پر اس بالادست طبقے کی نظر میں جو ملک کی تقدیر کے فیصلے کرتا ہے تاہم اس کے باوجود عوام کے نام پر ہی سب کچھ کرنا پڑتا ہے، اندھیر نگری چوپٹ راج کی کوئی صورت نکالی جائے تو اس کے منفی اثرات کا بھی ڈر ہوتا ہے اور کچھ ہو نہ ہو ایک ایسی فضا ضرور بنانا پڑتی ہے، جس کے حوالے سے رونما ہونے والے واقعات اجنبی محسوس نہ ہوں۔ پاکستانی عوام لائی لگ ضرور ہیں مگر پچھلے آٹھ دس سال کے عرصے میں انہوں نے شعور کی منازل بڑی تیزی سے طے کی ہیں، اب انہیں آسانی سے بیوقوف بنایا جا سکتا ہے نہ شیشے میں اتارا جا سکتا ہے، مثلاً پچھلے سال اپریل میں جو رجیم چینج ہوئی اس کے حوالے سے جتنے بھی بیانیے بنائے گئے وہ عوام کو مطمئن نہ کر سکے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے بعد جو کچھ ہوا اس نے عوام کے سامنے ساری کہانی کھول کر رکھ دی، دیوالیہ ہونے کی باتیں، مہنگائی پر کنٹرول کرنے کے دعوے، بیروزگاری ختم کرنے کی طفل تسلیاں، مہنگائی پر قابو پا کر عوام کو ریلیف دینے کی باتیں غرض کوئی ایک بھی درست ثابت نہ ہوئی اور ملک روز بروز زوال کی طرف چلتا گیا۔ آج وزیراعظم شہباز شریف کہتے ہیں کہ بجلی مہنگی ہوئی ہے، مگر اس کا بوجھ غریب عوام پر نہیں پڑنے دیں گے۔ یہ ایسی بات ہے جسے سن کر کم از کم ہمارے تو کان پک گئے ہیں، بھلا اِس ملک میں بوجھ پڑتا کس پر ہے، یہ غریب عوام ہی تو ہیں جو اِس ملک کی اکانومی کا سارا بوجھ اٹھاتے ہیں، کہا یہ گیا ہے کہ جن کا 200 یونٹ تک بل ہوگا، اس سے بلوں میں اضافہ وصول نہیں کیا جائے گا، حالانکہ 200 یونٹ تو اب دو پنکھے چلانے والے کا بل آ جاتا ہے، پھر بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں میٹر ریڈنگ میں دو تین دن تاخیر کر کے بل کی ریڈنگ 200 سے اوپر لے جاتی ہیں تاکہ نیا ٹیرف لگ سکے، ایسے میں عوام کو ریلیف دینے کی باتیں سوائے انہیں جھوٹی تسلیاں دینے کے اور کچھ نہیں۔ ابھی تو یہ سیٹ اپ اس الجھن میں پھنسا ہوا ہے کہ نگران وزیراعظم کسے لائے، خدشہ یہ ہے کہ نگران وزیراعظم اگر اسٹیبلشمنٹ کی خواہش پر لایا گیا تو کہیں وہ انتخابات کو آگے ہی نہ لے جائے، ادھر خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ابھی ایسے حالات پیدا نہیں ہوئے کہ نواز شریف کے لئے برابری کے مواقع موجود ہوں اس لئے فی الحال وہ نہیں آئیں گے۔ برابری کے مواقع سے ان کی کیا مراد ہے؟ جبکہ وزیراعظم شہباز شریف تو بارہا کہہ چکے ہیں کہ اگلے وزیراعظم نواز شریف ہوں گے، کیا نواز شریف کے لئے برابری کے مواقع سے مراد یہ ہے کہ انہیں بیرون ملک سے واپس آتے ہی جیل کی بجائے ایوانِ وزیراعظم لے جایا جائے؟ ایسا تو نہیں ہو سکتا، انہیں پہلے تو اپنی نااہلی ختم کرانی پڑے گی، پھر سزا کا خاتمہ ہوگا، اس کے بعد ہی وہ انتخابی عمل میں شامل ہو سکیں گے، انتخابی عمل میں شامل ہو کر انہیں اپنی جماعت کو اتنی اکثریت بھی دلوانی ہوگی جو انہیں وزارت عظمیٰ کے منصب تک پہنچا دے، یہ کوئی آسان کام نظر نہیں آتا، میدان خالی نہیں ہے، دوسری طرف بلاول بھٹو زرداری بھی وزیراعظم بننے کے لئے پر تول رہے ہیں اور آصف علی زرداری اس کے لئے پوری تیاری کئے ہوئے ہیں، پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ تحریک انصاف سے کیسے نمٹنا ہے اگر تو اسے میدان سے نکال کے الیکشن کرانے ہیں تو پھر ایسے انتخابی عمل کا کیا اعتبار رہ جائے گا، یعنی یہ تو نہیں ہو سکتا کہ ایک طرف مسلم لیگ (ن) نواز شریف کے لئے برابری کا میدان چاہیے اور دوسری طرف تحریک انصاف کو میدان سے نکالنے کی شرط رکھے، دیکھا جائے تو الیکشن کی راہ میں سب سے بڑا کانٹا بھی یہی ہے کہ تحریک انصاف کو کیسے اس سارے عمل سے باہر رکھا جائے، اِس وقت جو کچھ عمران خان اور تحریک انصاف کے ساتھ ہو رہا ہے وہ اسی سلسلے کی کڑی ہے، مگر اس سارے کھیل کا ایک فریق عوام بھی ہیں، انہیں کیسے مطمئن کرنا ہے، سب سے اہم ٹاسک یہ ہے، اس وقت سیاسی قوتوں کی تقسیم کی بجائے سب سے زیادہ توجہ اور زور اس بات پر دینا چاہئے کہ انتخابات مقررہ وقت پر ہوں، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کمزوری دکھائی گئی تو معاملہ ہاتھ سے نکل جائے گا، ایک بار نکل گیا تو پھر نجانے کیا ہاتھ میں آئے، سب سے اہم بات یہ کہ عوام کو فیصلہ کرنے کا حق اور موقع دیا جائے، کسی سیاسی جماعت کو انتخابی عمل سے باہر رکھنے کی حکمت عملی پورے انتخابات پر ایک سوالیہ نشان لگا سکتی ہے، جس سے بچنے کی اشد ضرورت ہے۔ پاکستان اب مزید تجربات کا متحمل نہیں ہو سکتا، پہلے ہی ہم بڑی مشکل سے اس منزل تک پہنچے ہیں کہ انتخابات وقت پر ہوتے رہے ہیں، اسمبلیوں نے اپنی مدت پوری کی اور جمہوریت کا تسلسل برقرار رہا ہے۔ ابھی تک یہ واضح نہیں کہ موجودہ حکومتی اتحاد مستقبل میں بھی ایک مخلوط حکومت بنانے کا ارادہ رکھتا ہے یا دو بڑی سیاسی جماعتیں اپنا راستہ الگ کرنا چاہتی ہیں۔ پچھلے دنوں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا تھا مستقبل میں اتحادیوں سے مل کر ملک کو مسائل سے نکالیں اور ترقی کے راستے پر گامزن کریں گے اگر تحریک انصاف کے فیکٹر کو سامنے رکھا جائے تو یہ لگتا ہے کہ اس اتحاد کو اپنا وجود برقرار رکھنا پڑے گا۔ میدان میں کچھ اور کھلاڑی بھی آ چکے ہیں، پرویز خٹک اور جہانگیر ترین کی جماعتیں، ان کا مقصد بھی یہ ہے کہ کسی طرح تحریک انصاف کو کمزور کیا جائے اگر پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) سیاسی اتحاد نہیں کرتیں تو پھر تحریک انصاف کے مقابلے میں ان کا ووٹ بنک تقسیم ہو جائے گا لیکن اگر وہ اگلے پانچ برسوں کے لئے پاور شیئرنگ کے کسی فارمولے پر راضی ہو جاتی ہیں تو پھر امکان ہے کہ کوئی ایسی راہ نکل سکے جس کے تحت ایک مخلوط اتحادی حکومت بنائی جا سکے، یہ ابھی سب کی سب قیاس آرائیاں اور امکانات ہیں اصل میں کیا ہونا ہے، کسی کو کچھ بھی معلوم نہیں تاہم عوام ایک بہت اہم فریق ہیں، انہیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، کوئی بھی ایسی گیم جو عوام کو بائی پاس کر کے کھیلی گئی اس کے منفی اثرات ہوں گے، بہتر تو یہی ہوگا کہ سارے عمل میں شفافیت کو لایا جائے، عوام کی رائے کو اہمیت دی جائے اور انہیں اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے اور شفاف انتخابات کے ذریعے نمائندے منتخب کرنے کا اختیار دیا جائے۔ یہی وہ راستہ ہے جو ملک کو ہر قسم کے بحران سے نکال کر استحکام کے راستے پر ڈال سکتا ہے۔

کثیرالاتعداد شادیاں

گذشتہ شب "فیس بک گردی" کرتے ہوئے ایک پوسٹ نظر سے گزری. جس میں ایک سے زائد شادیوں کی ضرورت و اہمیت لکھی تھی۔ یہ ایک مراسلہ تھا جس کے ایک دو پوائنٹ مجھے بہت اچھے لگے۔ اس میں متوجہ کرنے والا پوائنٹ یہ تھا کہ "اچھے مرد پر ایک عورت کا قبضہ درست نہیں" یعنی اس اچھے مرد پر تادم خرابی متعدد عورتوں کا قبضہ ہوتے رہنا چاہیئے. اور اگر مرد خراب ہو تو خواتین کو اس سے دور رہنا چاہیے اور اسے سدھارنے کی کوشش ہرگز نہیں کی جانی چاہیے اور دوسرا اہم پوائنٹ "پہلی بیوی اگر اچھی ہو تو بھی دوسری شادی مستحب ہے" یہ مردوں کے لئے خوشی کی بات ہے۔

زیبا شہزاد

دوسری شادی کرنے میں ویسے تو کوئی ممانعت نہیں نہ شرعی، نہ معاشرتی. البتہ پہلی زوجہ کی طرف سے کھڑے کیے گئے مسائل یا پھر محدود معاشی وسائل آڑے آ سکتے ہیں۔ شرع اور معاشرہ دونوں کو دوسری شادی بلکہ تیسری اور چوتھی شادی سے بھی کوئی مسئلہ نہیں۔ دوسری شادی کا مثبت پہلو جو نکلتا ہے وہ یہ کہ ایک اور خاتون اپنے گھر کی ہو جاتی ہے. پہلی بیوی اگر اچھی ہے تو بھی انسان کو خوب سے خوب تر کی تلاش جاری رکھنی چاہیئے۔ ویسے تو اسلام میں چار کی اجازت ہے لیکن کچھ مرد ایک شادی کے بعد ہی شادی کے نام سے پناہ مانگنے لگتے ہیں. ایسے لوگ خود تو شادی کا لڈو کھا لیتے ہیں لیکن دوسروں کو اسے چکھنے سے روکتے رہتے ہیں۔

یوں ان کی باقی ماندہ زندگی دوسروں کو یہ بتانے میں گزر جاتی ہے کہ شادی نہ کرنا یارو پچھتا گے ساری لائف. کچھ لوگوں کو شادی کا اس قدر جنون ہوتا ہے کہ وہ عین عالم شباب میں ہی "جہاد" پر نکل پڑتے ہیں اور موج مستی کے دنوں ہی میں آزادی کو خیر باد کہہ کر زوجہ کی قید میں رہنا پسند کرتے ہیں جبکہ کئی مردوں کے ارمان ہر بیگانی شادی میں پھر سے جاگ اٹھتے ہیں. اور ان کی دوبارہ دولہا بننے کی خواہش وقفے وقفے سے جاگتی رہتی ہے . ایسے شوخے مرد آپ کو ہر شادی میں دولہا کو نکاح نامے پر دستخط کرواتے نظر آئیں گے۔ یہ وہ عبداللہ ہوتے ہیں جو ہر شادی میں دیوانہ ہوتا ہے، ان کی خواہش ہوتی ہے کہ ایسے خوشی کے ماحول میں کسی حسینہ کی نگاہوں میں سما جائیں لیکن جب کوئی حسینہ ان پر فریفتہ نہ ہو تو یہ حسینہ کی اماں مہ جبینہ کی نظروں میں سمانے کی کوشش کرتے ہیں کہ شائید وہ ہی انہیں اپنی فرزندی میں لینے کی رضامندی ظاہر کر دے۔ بظاہر وہ بیوی کی گھوری سے گھبرا جاتے ہیں لیکن دل سے ارادے کے پکے ہوتے ہیں۔ کچھ لوگ شادیوں کے اس قدر شوقین ہوتے ہیں کہ پہلی شادی کے فوری بعد دوسری شادی کر لیتے ہیں لیکن یہ رعائیت صرف مردوں کے لئے ہے کہ دوسری شادی کے لئے خواتین کے لئے کچھ شرعی پابندیاں ہیں۔ یوں تو شادی کسی بھی عمر میں کی جا سکتی ہے۔ پہلی شادی کرنے کے لئے تو بالغ ہونے کی شرط ہے لیکن دوسری شادی کے لئے عمر کی کوئی حد مقرر نہیں اس کے لئے بس پہلی شادی شرط ہے یعنی بات بس پہلا قدم اٹھانے کی ہے، اکثر مرد دوسری شادی بالکل یوں چھپا کر رکھتے ہیں جیسے بڑے لوگ اپنا سرمایہ سوئس بینکوں میں۔ کئی لوگوں کی دوسری شادی تجاوزات کی طرح ہوتی ہے جس کا پہلی بیوی کے دبا اور اثر و رسوخ کی بنا پر ٹوٹنے کا خدشہ ہر وقت رہتا ہے۔ شادی کی ضرورت و اہمیت سے انکار تو کسی صورت نہیں کیا جا سکتا، پہلی بیوی کی موجودگی میں کی جانے والی زیادہ تر شادیاں صیغہ راز میں رکھی جاتی ہیں لیکن یہ راز زیادہ دیر راز نہیں رہ پاتا کہ اس راز سے پردہ اٹھانے والے دنیا میں آ جاتے ہیں۔ ایک سے زائد شادیوں کی اہمیت یقیناً مردوں کے لئے ہے کہ انہیں متعدد بار دولہا بن کے وی آئی پی پروٹوکول ملتا رہتا ہے تاہم خواتین کے لئے یہ سنجیدہ مسئلہ ہے کہ ایک مرد تو متعدد بار دولہا بن کے خوشی محسوس کر لیتا ہے لیکن خواتین اس عمل سے بار بار گزرنا پسند نہیں کرتیں۔ سو وہ ایک ہی مرد کو جیسا بھی ہے یہی حرف آخر ہے کی بنیاد پر قبول کر کے خوش رہتی ہیں اور گلے پڑا ڈھول خوشی سے بجاتی رہتی ہیں البتہ مردوں کو دوسری شادی کرنے کا فائدہ یہ بھی ہوتا ہے کہ ان کے حق ملکیت میں دو بیویاں لکھ دی جاتی ہیں۔ کچھ مرد ڈرتے پہلی بیوی سے ہیں لیکن مانتے دوسری بیوی کی ہیں۔ میں ایک عورت ہوں اور کبھی نہیں چاہوں گی کہ میرا شوہر دوسری شادی کرے۔ میں کیا کوئی بھی عورت نہیں چاہتی کہ اس کا شوہر دوسری شادی کرے۔ چاہے وہ شوہر کا جینا حرام کئے رکھے لیکن شوہر کی دوسری شادی کی راہ میں رکاوٹ بن کے اپنا جینا حلال ہی رکھنا چاہتی ہیں۔ یہ شوہر کے آگے دوسری شادی کے نقصانات بالکل اسی طرح بیان کرتی ہیں، جیسے بھائی کے آگے دوسری شادی کے فوائد، لیکن ہر بھابھی کے یہ ارمان ضرور ہوتے ہیں کہ اس کی نند پر سوتن ضرور آئے اور یہی صورتحال دوسری طرف بھی ہوتی ہے یعنی بہنیں بھی نک چڑھی بھابھی کو نیچا دکھانے کے لئے اکثر و بیشتر بھائی کو دوسری شادی کا مشورہ دیتی رہتی ہیں اور اکثر خوشی غمی والے گھر میں دوسری بھابھی تلاش کر رہی ہوتی ہیں اکثر دو فریقین (میاں بیوی) کی لڑائی میں تیسری فریق (ساس) کے ارمان پورے ہو جاتے ہیں اکثر بہنیں بھائی کو دوسری شادی کے نہ صرف مشورے دے رہی ہوتی ہیں بلکہ لڑکی دیکھنا بھی شروع کر دیتی ہیں۔ ایسا ہی کچھ منظر میرے ساتھ والے گھر میں چل رہا ہے۔ میرے ساتھ والے گھر میں ساجد صاحب ان کی بیوی اور دو بچے رہتے ہیں۔ وہ صاحب ضرورت سے زیادہ بھلے مانس ہیں، ان کی شادی کو زیادہ عرصہ نہیں گزرا لیکن ان کی لڑائی سن کر لگتا ہے کہ وہ لوگ صدیوں سے ساتھ رہ رہے ہیں وہ دونوں شیر کی دھاڑ جیسا گرجتے ہیں اور راز و نیاز میں کیے محبت کے پیمان لڑائی کے دوران خوب کھولتے ہیں۔ کبھی کبھی ان کے ہاں لاتوں اور گھونسوں کا استعمال بھی ہوتا ہے لیکن یہ استعمال صرف ایک نہیں بلکہ دونوں فریق کرتے ہیں اگر ساجد صاحب ایک ہاتھ رسید کرتے ہیں تو دوسرا ہاتھ ان کی بیگم استعمال میں لا کر اپنا جوہر دکھاتی ہیں اس معاملے میں ساجد صاحب کی بیوی کا عاجزانہ بیان پورے محلے میں مشہور ہے کہ اگر مخالف فریق تگڑا ہو تو خود کو ہرگز کمزور ثابت نہیں کرنا چاہئے اور وہ جو بھی کرتی ہیں اپنے دفاع میں کرتی ہیں. وہ دونوں ہمیشہ پوری تیاری کے ساتھ اگلے مورچوں پر لڑتے ہیں۔ لڑائی کے دوران گھر کا دروازہ کھولنا بالکل نہیں بھولتے۔ ساجد صاحب کی بیاہی بہن ان کی اس لڑائی سے بہت عاجز ہے، لہذا وہ بھائی کے سکھ کی خاطر ان کی دوسری شادی کروانا چاہتی ہیں۔ ساجد صاحب بہن کی اس حمایت سے بہت خوش ہیں اور پہلی بیوی کی بد مزاجی سے دلبرداشتہ ہو کر انہوں نے تمام امیدیں دوسری بیوی سے وابستہ کر لی ہیں اور اس کے لئے انہوں نے اس پر کام بھی شروع کر دیا ہے تاکہ دوسری شادی کی نوبت جلد آ سکے یعنی پہلے وہ ہفتے میں ایک بار لڑتے تھے لیکن ہفتہ میں تین بار یہ نوبت آ جاتی ہے۔ یہ لوگ پورے محلے کے لئے انٹرٹینمنٹ کا کام کر رہے ہیں۔ ساجد صاحب کی مونچھوں کے تاؤ اور ہر چار دن بعد رنگے جانے والے بال دیکھ کر لگتا ہے کہ انہوں نے شیروانی بھی سلوا لی ہے بس وہ مناسب موقع کے انتظار میں ہیں اگر ساجد صاحب کی بہن ان کی شادی کروانے میں کامیاب ہو جاتی ہیں تو سب سے پہلا فائدہ ساجد صاحب کو ہوگا کہ ان کے حق ملکیت میں ایک اور بیوی کا اضافہ ہو جائے گا. جبکہ دوسرا فائدہ بھی ساجد صاحب ہی کو ہوگا کہ جب ایک بیوی سے لڑائی ہوگی۔

طاقتور فوج، عوام کا ریاست پر اعتماد، ملکی سلامتی کی ضمانت ہے!

اس کائنات اور دنیا کا جتنا نظام چل رہا ہے۔ اس میں نشانیاں ہیں مگر سب کے لیے نہیں صرف عقل والوں کے لیے، کائنات کا خالق اور مالک ہی کائنات کے تمام رازوں سے واقف ہے اور وہی اپنی مخلوق میں سے لوگوں کو چن کر ذمہ داریاں دیتا ہے، علم کے خزانے بھی اسی کے پاس ہیں مگر وہ علم سمیت ہر چیز کو بانٹتا ہے، لینے والے لے لیتے ہیں

مختار چودھری

اور جن کی آنکھوں اور کانوں پر پٹیاں بندھی ہیں وہ صرف ہاتھ پھیلاتے رہ جاتے ہیں، وہ اندھی تقلید کرتے ہیں مگر اپنی سوچ کو بند رکھتے ہیں انہی میں سے ایک ہماری قوم (ہجوم) بھی ہے۔ ہم اندھوں اور بہروں کی مانند کبھی کسی کی آواز پر مغرب کی طرف دوڑ پڑتے ہیں اور پھر منہ کے بل گرنے کے بعد اٹھتے ہیں اور اسی طرح کی دوسری آواز پر مشرق کی طرف دوڑ لگا دیتے ہیں، اسی طرح 76 برس سے دائروں کا سفر جاری رکھے ہوئے ہیں، اس دائرے میں کئی بیانیے بنائے اور دیئے گئے، یہ بیانیے ایک دوسرے کے متضاد بھی سامنے آتے رہے مگر دو حوالے ایسے ہیں جو ہر دور میں باور کروائے جاتے ہیں، ایک یہ کہ پاکستان ایک مذہبی ریاست ہے اور اس کے قیام کا بیانیہ "پاکستان کا مطلب کیا لاالہ الااللہ" ہے۔ پاکستان تحریک کی قیادت قائداعظم محمد علی جناح نے کی تھی، جو بین الاقوامی سطح پر اعلیٰ پائے کے قانون دان تھے چونکہ وہ مسلمان تھے اور برصغیر کے مسلمانوں کی حالت دیکھ کر انہوں نے الگ وطن کی تحریک چلائی تھی یعنی وہ ایک ایسی ریاست کا قیام چاہتے تھے جہاں مذہبی آزادی ہو، ہر شخص اپنے عقیدے کے مطابق اپنی زندگی گزارے اور اس ملک کا آئین اور قانون سب کے لیے برابر مواقع فراہم کرنے والا سری لنکا کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میں کیپر سرفراز احمد ہیلمٹ پر تیز گیند لگنے سے زخمی، ان کی جگہ ٹیم میں کسے شامل کر لیا گیا؟ جانیے "پاکستان کا مطلب کیا لاالہ الااللہ" یہ نعرہ تو ہو سکتا تھا جس سے مسلمانوں میں جوش پیدا کیا جا سکتا تھا مگر یہ حقیقت نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ لاالہ الااللہ کے لیے تو یہ پوری کائنات وجود میں آئی ہے۔ یہ زمین کا ایک ٹکڑا تو لاالہ الااللہ نہیں ہے۔ ہم بطور انسان اللہ تعالیٰ کی کائنات کی وسعت کا اندازہ کر سکتے ہیں نہ ہی ہم اس کے رازوں کو سمجھنے کے قابل ہیں لیکن ہمارا اندازہ ہے کہ اس کائنات کے اندر ہر چیز اللہ کی کبریائی اور اس کی قدرت کی معترف ہے اور اللہ کی عبادت کرتی ہوگی لیکن پاکستان میں کچھ اس طرح کے بیانیے بنائے گئے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دین کے ٹھیکیدار صرف ہم ہیں اور اگر پاکستان نہ ہوتا تو شاید اسلام نہ ہوتا جبکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں اسلام کہیں نظر نہیں آتا، یہاں اسلام کے نام پر ایک طبقہ اپنی پہچان پیدا کر کے مال بنا رہا ہے جو ہنوز جاری ہے۔ معذرت کے ساتھ مجھے پاکستان میں اسلام کم اور مولوی زیادہ نظر آتے ہیں، یا پھر مذہب کا کاروبار دن بدن ترقی کر رہا ہے چونکہ یہ علاقہ صدیوں تک بیرونی طاقتوں کے زیر تسلط رہا ہے جنہوں نے اپنی طاقت قائم رکھنے کے لیے اس علاقے میں تقسیم پیدا کی، کسی کو جاگیریں عطا کیں، کسی کو بیوروکریسی کی طاقت دی جس سے عام عوام پر قابو رکھا جا سکے، اسی طرح دین کی ذمہ داری ایسے لوگوں کو دے دی گئی جو کمزور طبقات سے تعلق رکھنے والے تھے یا اپاہج تھے اور انہوں نے دین کو روزی روٹی کا ذریعہ بنا لیا، آج بھی ہماری مساجد کے امام اور مدرسوں کے طالب علم گداگری اور خیرات پر چل رہے ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

قرآن پاک کی تفسیر پڑھنے کے بعد زندگی میں بہت تبدیلی آئی ہے، سارہ خان

قرآن کی تفسیر پڑھنے سے ان کی زندگی میں جو سکون اور صبر آیا ہے وہ بیان نہیں کر سکتیں

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ سارہ خان نے کہا کہ قرآن پاک کی تفسیر پڑھنے کے بعد ان کی زندگی میں بہت زیادہ تبدیلی آئی ہے۔ اداکارہ سارہ خان نے کہا کہ قرآن کی تفسیر پڑھنے سے ان کی زندگی میں جو سکون اور صبر آیا ہے وہ بیان نہیں کر سکتیں۔ ایک سوال پر ان کا کہنا تھا کہ ان کی پرممکن کوشش ہوتی ہے کہ وہ کسی کی دل آزاری نہ کریں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی والدہ کی وفات نے ان کو اس بات کا احساس ہوا کہ کوئی رشتہ ساری زندگی ہمارے ساتھ نہیں رہتا ہے اور ہمیں ہر حالت میں خود کو مضبوط بنانا چاہیے۔

عائزہ خان اور وہاج علی کے ڈرامہ کا پہلا آٹ لک سامنے آگیا

جلد ہی عائزہ خان ایک اور میگا ڈرامے جان جہاں میں دکھائی دیں گی

لاہور (شوبز نیوز) عائزہ خان اور وہاج علی کے نئے ڈرامہ کا فرسٹ لک جاری کر دیا گیا، ڈرامہ جلد نشر کیا جائے گا۔ تیرے بن کے بعد کامیابیوں کی بلندیاں چھونے والے وہاج علی اپنے نئے ڈرامے میں عائزہ خان کے ساتھ سکرین شیئر کر رہے ہیں، نئے آنے والے ڈرامے کی ہدایات بدر محمود نے دی ہیں جبکہ اس ڈرامے کو زنجبیل عاصم نے لکھا ہے۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ میرے پاس تم ہو کی طرح اس ڈرامے میں بھی عائزہ خان منفی کردار ادا کرتی دکھائی دیں گی۔ جلد ہی عائزہ خان ایک اور میگا ڈرامے جان جہاں میں دکھائی دیں گی جس کی ہدایت قاسم علی مرید دے رہے ہیں جبکہ اس کو ثمینہ ہمایوں سعید اور ثنا شہواز پروڈیوس کر رہی ہیں۔ اس ڈرامے میں عائزہ خان پیارے افضل کے 10 برس بعد حمزہ علی عباسی کے ساتھ سکرین شیئر کریں گی۔ تیرے بن کے بعد کامیابیوں کی بلندیاں چھونے والے وہاج علی اپنے نئے ڈرامے میں عائزہ خان کے ساتھ سکرین شیئر کر رہے ہیں، نئے آنے والے ڈرامے کی ہدایات بدر محمود نے دی ہیں جبکہ اس ڈرامے کو زنجبیل عاصم نے لکھا ہے۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ میرے پاس تم ہو کی طرح اس ڈرامے میں بھی عائزہ خان منفی کردار ادا کرتی دکھائی دیں گی۔ جلد ہی عائزہ خان ایک اور میگا ڈرامے جان جہاں میں دکھائی دیں گی جس کی ہدایت قاسم علی مرید دے رہے ہیں جبکہ اس کو ثمینہ ہمایوں سعید اور ثنا شہواز پروڈیوس کر رہی ہیں۔

کنگنا رناوت کے جاوید اختر پر استحصال کے الزامات مسترد

کنگنا رناوت نے جاوید اختر پر دباؤ ڈالنے کا الزام عائد کیا

ممبئی (شوبز نیوز) ممبئی کی ایک عدالت نے اداکارہ کنگنا رناوت کی جانب سے رائٹر اور شاعر جاوید اختر پر استحصال کے الزامات مسترد کر دیئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ممبئی کی مجسٹریٹ کورٹ نے اداکارہ کنگنا رناوت کی رائٹر جاوید اختر کے خلاف درخواست پر فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ کسی شخص سے تحریری معافی کا کہنے سے کوئی قانونی خلاف ورزی نہیں ہوتی۔ بالی ووڈ کی متنازع اداکارہ کنگنا رناوت نے مشہور رائٹر جاوید اختر پر استحصال کا الزام عائد کرتے ہوئے درخواست میں موقف اختیار کیا تھا۔

میں نے اپنے فنی سفر کا آغاز تھیٹر سے کیا، سوہائے علی ابڑو

بہت چھوٹی عمر میں ہی ڈانس کی تربیت لینا شروع کر دی تھی، خوبرو اداکارہ



لاہور (شوبز نیوز) خوبرو اداکارہ سوہائے علی آبڑو نے کہا ہے کہ انہیں ایکٹنگ سے زیادہ ڈانس کرنا پسند ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سوہائے علی آبڑو نے کہا کہ میں نے اپنے فنی سفر کا آغاز تھیٹر سے کیا اور کئی برس تک اس سے وابستہ رہی، اس کے بعد میں نے ٹی وی ڈراموں میں قدم رکھا اور پھر اپنی فنکارانہ صلاحیتوں کے مطابق مختلف اور منفرد کردار نبھائے۔ سوہائے علی آبڑو نے مزید کہا کہ بہت چھوٹی عمر میں ہی ڈانس کی تربیت لینا شروع کر دی تھی۔ میں نے دو برس تک کلاسیکل رقص سیکھا۔ انہوں نے کہا کہ میں یہ بات بتانا چاہتی ہوں۔

بغیر معاوضہ فلموں میں کام کرنے والے بڑے اداکار

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی فلم انڈسٹری میں فلمساز و پروڈیوسر اکثر اداکاروں کی جانب سے زیادہ معاوضہ وصول کرنے کی شکایت کرتے نظر آتے ہیں، کچھ پروڈیوسرز کا تو یہ بھی کہنا ہے کہ اداکاروں کی جانب سے طلب کیا جانے والا معاوضہ کروڑوں میں ہوتا ہے جس سے فلم کا بجٹ اور فلم میں کام کرنے والے دیگر اداکاروں کے معاوضے پر اثر پڑتا ہے۔ لیکن یہ پورا سچ نہیں ہے بالی ووڈ کے صف اول اداکاروں میں شمار ہونے والے متعدد اداکار ہمدردی اور دوستی کی بنیاد پر کئی بار بغیر ایک پیسہ وصول کیے یا بہت کم معاوضے پر فلموں میں کام کر چکے ہیں۔

گورا ہو یا کالا، شادی اس سے کروں گی جو دل والا ہو، مہوش حیات

اداکارہ، ساتھی اداکاروں ہمایوں سعید اور گوہر رشید کے ہمراہ ایک انٹرویو میں شریک ہوئیں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ مہوش حیات نے کہا کہ گورا ہو یا کالا شادی اس سے کروں گی جو بس دل والا ہو۔ اداکارہ مہوش حیات ساتھی اداکاروں ہمایوں سعید اور گوہر رشید کے ہمراہ ایک انٹرویو میں شریک ہوئیں، جہاں اداکاروں نے فلمی کریئر اور دیگر کئی موضوعات پر گفتگو کی۔ اس موقع پر اداکار ہمایوں سعید نے ازراہ مذاق کہا کہ مہوش تو کسی گورے سے شادی کرنا چاہتی ہیں، جس پر مہوش حیات اور گوہر رشید بھی ہنس پڑے۔ اداکارہ نے ہمایوں سعید کی بات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا جھوٹ بول رہے ہیں۔

منی پور واقعہ پر بہت شرمندگی ہوئی ہے، جیا بچن

یہی صورتحال رہی تو جو کچھ حکومت کے پاس بچا ہے وہ بھی نہیں رہے گا



ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی سینئر اداکارہ اور سیاستدان جیا بچن نے بھارتی ریاست منی پور میں نسلی فسادات کے دوران 2 خواتین کے ساتھ انسانیت کو شرما دینے والے واقعے پر بھارتی حکومت کی طرف سے خاموشی پر سخت تنقید کی ہے۔ جیا بچن نے بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا میں اس افسوسناک واقعے پر بات کی جا رہی ہے جبکہ ہمارے دیش میں اس بارے میں کوئی بات نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اس واقعے پر بہت شرمندگی محسوس ہوئی۔ جیا بچن نے بھارتی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اس معاملے پر بات کرنا ہی نہیں چاہتی، پارلیمنٹ ہاؤس میں بیٹھ کر حکومت صرف اپنی مضبوط اپوزیشن کے خلاف بات کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن ریاستوں میں بھارتی حکومت کی پوزیشن مضبوط ہے وہاں کیا ہو رہا ہے، اس بارے میں بات نہیں کی جاتی۔ جیا بچن نے اپنی بات مکمل کرتے ہوئے کہا کہ یہی صورتحال رہی تو جو کچھ حکومت کے پاس بچا ہے وہ بھی نہیں رہے گا۔ واضح رہے۔

SPORTS سپورٹس

حیدر اظہر نے ملتان سلطانز سے راہیں جدا کر لیں

عالمگیر ترین کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ حیدر اظہر

لاہور (سپورٹس نیوز) ملتان سلطانز کے چیف آپریٹنگ آفیسر حیدر اظہر نے فرنچائز سے راہیں جدا کر لیں۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں حیدر اظہر نے لکھا کہ گزشتہ 6 سال اپنے پروفیشن اور شوق کو ایک ساتھ پروان چڑھانے کا موقع ملا۔ فرنچائز کے مالکان، کھلاڑیوں، کوچز، اسپانسرز، اسٹاف سے بہت کچھ سیکھا، اونر عالمگیر ترین کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ فرنچائز کے اونر عالمگیر ترین گزشتہ 2 ہفتے سے کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلیے مناسب الفاظ تلاش نہیں کر پایا، ملتان سلطانز ان کے بغیر کبھی پہلے جیسی نہیں ہوگی، اسی لیے ان کے انتقال کے بعد کسی اور چیلنج کی طرف بڑھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل میں 2017 میں چھٹی ٹیم شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا، شون پروپرٹیز نے 5.21 ملین ڈالر سالانہ کے عوض 8 سال کیلیے ملتان سلطانز فرنچائز خریدی مگر ایک سیزن بعد ہی عدم ادائیگی پر معاہدہ منسوخ کر دیا گیا تھا۔ دسمبر 2018 میں عالمگیر ترین اور علی ترین کے کنسورشیم نے 6.35 ملین ڈالر سالانہ کی سب سے بڑی بولی لگا کر 7 سال کیلیے ملتان سلطانز کو حاصل کر لیا، اکثریتی شیئر عالمگیر ترین کے پاس ہی تھے، 2021 میں علی کا فرنچائز کے ساتھ تعلق ختم ہو گیا اور عالمگیر واحد مالک بن گئے، اس حوالے سے میڈیا ریلیز بھی سامنے آئی تھی۔

بورڈ کرکٹرز کے "جائز مطالبے" پورے کرنے کو تیار

آئی سی سی سے ملنے والی رقم میں سے فوری طور پر حصہ دینا ممکن نہ ہوگا

کراچی (سپورٹس نیوز) سینٹرل کنٹریکٹ کا مسئلہ حل کرنے میں بڑی پیش رفت سامنے آ گئی، بورڈ کرکٹرز کے "جائز مطالبے" پورے کرنے کو تیار ہو گیا۔ قومی کرکٹرز سینٹرل کنٹریکٹ میں مکمل تبدیلی چاہتے ہیں، اسی لیے اب تک دستخط پر آمادگی ظاہر نہیں کی، ان کی خواہش ہے کہ والدین سمیت فیملی ہیلتھ انشورنس، ایجوکیشن پالیسی، اسپانسر شپ معاہدوں اور آئی سی سی ریونیو سے شیئر بھی دیا جائے، لیگز کیلیے این او سی کی بھی واضح پالیسی اپنانے پر زور دیا جا رہا ہے۔ اس حوالے سے گزشتہ دنوں پی سی بی کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے سری لنکا میں بعض سینئر کرکٹرز سے ملاقات بھی کی مگر کوئی مثبت نتیجہ نہیں نکل سکا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ مینجمنٹ کمیٹی کے سربراہ ذکا اشرف جلد از جلد معاملے کو خوش اسلوبی کے ساتھ حل کرنا چاہتے ہیں، وہ سینئر کرکٹرز سے کنٹریکٹ کے حوالے سے ملاقات بھی کرنے پر تیار ہیں۔

کرکٹ ورلڈ کپ 2023: پاک بھارت ٹاکرا ری شیڈول کیے جانے کا امکان

پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ بھی 15 اکتوبر کو ہی احمد آباد میں شیڈول ہے

دبئی (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ورلڈ کپ 2023 میں پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ کا شیڈول تبدیل کیے جانے کا امکان ہے۔ ہندوں کا تہوار نوراتری 15 اکتوبر کو شروع ہونا ہے جبکہ پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ بھی 15 اکتوبر کو ہی احمد آباد میں شیڈول ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سکیورٹی اداروں نے بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کو شائقین کے سفری پروگرام میں تبدیلی کا مشورہ دیا ہے جبکہ شائقین نے پاک بھارت میچ دیکھنے کیلیے پہلے ہی ہوٹل بک کروالیے ہیں۔

نیشنل سٹوڈنٹس اولمپک گیمز 15 ستمبر سے شروع ہوگی۔ مقبول آرائیں

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیراہتمام اور کراچی سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے تعاون سے نیشنل سٹوڈنٹس اولمپک گیمز 15 ستمبر سے کراچی میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ گیمز کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور گیمز میں 18 کھیلوں کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں اتھلیٹکس، آرچری، باسکٹ بال، بیڈمنٹن، کرکٹ، فٹ سال، جمناسٹک، نیٹ بال، روپ سکپنگ، سکیٹنگ، ٹیبل ٹینس، تھرو بال، تائیکوانڈو، کیچ بال، سوئمنگ، رسہ کشی، روئنگ اور والی بال شامل ہیں۔ گیمز کی اختتامی تقریب 23 ستمبر کو ہوگی۔ جس میں کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، میڈلز اور اسناد تقسیم کی جائیں گی۔ گیمز کی اختتامی تقریب 23 ستمبر کو ہوگی۔ جس میں کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، میڈلز اور اسناد تقسیم کی جائیں گی۔

انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان ایشز سیریز کا پانچواں اور آخری ٹیسٹ میچ (آج) سے شروع ہوگا

لندن (سپورٹس نیوز) انگلینڈ اور آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان ایشز سیریز کا پانچواں اور آخری ٹیسٹ میچ (آج) جمعرات سے 31 جولائی تک کیننگٹن اوول، لندن میں کھیلا جائیگا۔ مہمان آسٹریلوی ٹیم کو میزبان انگلینڈ کے خلاف پانچ ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز میں 1-2 کی برتری حاصل ہے۔ کینگروز نے پہلے ٹیسٹ میچ میں میزبان انگلینڈ کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 2 وکٹوں سے شکست دی تھی جبکہ دوسرے میچ میں 43 رنز سے ہرایا تھا تاہم تیسرے ٹیسٹ میچ میں برطانوی ٹیم نے جاندار کم بیک کرتے ہوئے آسٹریلوی ٹیم کو 3 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان مینز ایشز سیریز کا 19 سے 23 جولائی تک ایمریٹس اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر میں کھیلا گیا چوتھا ٹیسٹ میچ ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ہی ختم ہوگیا تھا۔ انگلینڈ کی ٹیم مایہ ناز آل راؤنڈر بین سٹوکس لیڈ کر رہے ہیں۔ آسٹریلوی ٹیم مایہ ناز فاسٹ باؤلر پیٹ کمنز کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔ ایشز سیریز کے پانچوں میچز انہی پانچ مقامات پر کھیلے جائیں گے جہاں پر 2019 کی ایشز سیریز کے میچز کھیلے گئے تھے۔ انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان 72 ایشز سیریز ہو چکی ہیں جن میں آسٹریلیا کا پلہ بھاری ہے۔

محمد عامر کا ڈربی شائر کے ساتھ سیزن 2024 کے لئے معاہدہ

محمد عامر نے 2020 میں انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا تھا

لندن (سپورٹس نیوز) پاکستان کے سابق فاسٹ بالر محمد عامر اور انگلش کاؤنٹی ڈربی شائر کے درمیان سیزن 2024 کے لئے معاہدہ طے پا گیا۔ یاد رہے کہ محمد عامر نے 2020 میں انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا تھا جبکہ انہوں نے گزشتہ سال کاؤنٹی کرکٹ میں گلوسسٹر شائر کی نمائندگی کی۔ رپورٹس کے مطابق محمد عامر انگلش سیزن وائٹیلٹی بلاسٹ کے گروپ سٹیج کے تمام میچوں میں شرکت کریں گے۔ ڈربی شائر کے کرکٹ ہیڈ کی آرتھر کا کہنا تھا کہ محمد عامر دنیا کے بہترین بالر ہیں

دنیا بھر میں باکسنگ کا عالمی دن 27 اگست کو منایا جائے گا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) دنیا بھر میں باکسنگ کا عالمی دن 27 اگست کو منایا جائے گا۔ گزشتہ روز پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل کرنل ریٹائرڈ ناصر اعجاز تنگ نے بتایا کہ دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی باکسنگ کا عالمی دن 27 اگست کو منایا جائے گا۔ جس کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئیں ہیں اور اس دن ملک بھر میں باکسنگ کے نمائشی مقابلے منعقد کروائے جائیں گے۔ اس سلسلہ میں فیڈریشن سے منسلک تمام متعلقہ اداروں، صوبائی اور ریجنل ایسوسی ایشنز کو ہدایات جاری کر دی گئیں ہیں۔

پاک بھارت ورلڈ کپ ٹاکرے کی تاریخ تبدیل ہونے کا امکان

لاہور (سپورٹس نیوز) 15 اکتوبر کو احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں شیڈول ون ڈے کرکٹ ورلڈ کپ 2023 میں ہندوستان اور پاکستان کے درمیان بڑا ٹاکرا ممکنہ طور پر نوراتری کی تقریبات کی وجہ سے دوبارہ شیڈول کیا جائے گا کیوں کہ اس میچ کی وجہ سے سکیورٹی خدشات پیدا ہوں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق، مجوزہ میچ کی تاریخ نوراتری کے پہلے دن آتی ہے، جو گجرات میں میزبان شہر احمد آباد سمیت ایک اہم اور بڑے پیمانے پر منایا جانے والا تہوار ہے۔

CORRIGENDUM
MEDICAL SUPERINTENDENT ISFANDYAR BUKHARI DISTRICT HOPITAL ATTOCK
KAMARA ROAD, ATTOCK CITY

MEDICAL SUPERINTENDENT, ISFANDYAR BUKHARI DISTRICT HOSPITAL ATTOCK intends to issue the corrigendum with reference to auction notice published in daily, "Express", & "The News" Islamabad edition, 21-7-2023, IPL # 5643.

Line item # 2 Read as below:

S. No.	Description	Closing Date	Minimum Reserved Price (Without Tax) PKR	Bid Security PKR	Tender Fee
2	Auction of Parking Stand (Enlistment Certificate is Compulsory)	31-07-2023 11:00 AM	95,000/- Month	100,000/-	Rs. 1000/-

Terms & Conditions (Auction):
1. Remains same as already mentioned in auction notice

MEDICAL SUPERINTENDENT
ISFANDYAR BUKHARI DISTRICT HOSPITAL ATTOCK
KAMRA ROAD, ATTOCK
PHONE # 0579316070
IPL:5821

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
27 جولائی 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 27 جولائی 2023ء صبح 08:00 بجے تا دن 14:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، انگوری، این سی پی، مکھنیال، شاہدرہ، شاہ پور، خیابان اقبال، پیر سوہاوہ، قائد اعظم یونیورسٹی، بری امام، منڈالہ، اتھال، این آئی ایچ، ایرٹوپہ، پتریاٹہ، ٹی ڈی سی پی فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، نیو وحید آباد، ترامڑی فیڈرز، اولپنڈی سٹی سرکل، بھڈانہ II & F-17/1، نوگزی فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، کہوٹہ سٹی۔ II، حنیف شہید فیڈرز، چکوال سرکل، چکرال فیڈر، جہلم سرکل، گرمالہ، ایکسپریس، مدوکالس فیڈر، اٹک سرکل، کامرہ رورل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

تھا کہ لاہور سمیت بڑے شہروں کے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کی بروقت تکمیل ناگزیر ہے۔ اجلاس میں لاہور کے جاری ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی، صوبائی وزیر ہاسنگ اظفر علی ناصر، چیف سیکرٹری، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، سیکرٹریز خزانہ، تعمیرات و مواصلات، ہاسنگ، کمشنر لاہور ڈویژن، ایل ڈی اے اور سی بی ڈی کے حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 2

مصنوعات سستی کرنے سے ٹرانسپورٹ کرایوں میں بھی کمی ہوگی۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ جولائی میں مہنگائی کی شرح میں کمی کا امکان ہے، عالمی منڈی میں بھی اشیاء کی قیمتوں میں کمی ہو رہی ہے۔ وزارت خزانہ کی اقتصادی رپورٹ کے مطابق سیاسی استحکام اور ایکسچینج ریٹ مستحکم ہونے سے قیمتیں قابو میں رہیں گی اور جولائی میں ملک میں مہنگائی کی شرح 25 سے 27 فیصد تک رہنے کی توقع ہے۔ امیگریشن بیورو کے مطابق جنوری سے جون تک 3 لاکھ 93 ہزار 4 سو 55 افراد کو بیرون ملک ملازمت ملی۔ وزارت خزانہ کی اقتصادی رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ 2023ء ملکی معیشت کیلئے مشکل سال تھا جبکہ 2024ء میں معاشی شرح نمو کا ہدف 3.5 فیصد حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ وزارت خزانہ کے مطابق 2023ء میں ترسیلات زر میں 13.6 فیصد کمی ہوئی جبکہ برآمدات میں 14.1 فیصد اور درآمدات میں 27.3 فیصد کمی ہوئی

بقیہ 3

۔ وفاقی حکومت نے نگران حکومت کے اختیارات سے متعلق شق 230 بل سے نہ نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا کہ نگران حکومت سے متعلق شق 230 میں ترمیم کردی گئی، نگران حکومت کو دو فریقی اور سہ فریقی معاہدوں کا اختیار ہوگا تاہم نگران حکومت کوئی نیا معاہدہ نہیں کرسکے گی۔ ذرائع کے مطابق نگران حکومت کے اختیارات محدود ہوں گے۔ نگران حکومت پہلے سے جاری منصوبوں اور پروگرام سے متعلق اختیار استعمال کرسکے گی اور نگران حکومت کو پہلے سے جاری منصوبوں پر اداروں سے بات کرنے کا اختیار بھی ہوگا۔ قبل ازیں رہنما پیپلز پارٹی فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ الیکشن ایکٹ ترمیمی بل پر اتحادیوں کو اعتماد میں نہیں لیا گیا، ترمیمی بل پارلیمانی کمیٹی میں نہیں لایا گیا اور اسمبلی میں لے آئے۔ پیپلز پارٹی نے ترمیمی بل کو مسترد کیا ہے۔ جبکہ گزشتہ روز پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں پیش کردہ انتخابی اصلاحات سے متعلق الیکشن ایکٹ ترمیمی بل 2023 کا مسودہ سامنے آیا تھا۔ الیکشن ایکٹ ترمیمی بل 2023 میں 54 ترامیم شامل کی گئیں، الیکشن ایکٹ کی شق 230 میں ترمیم بھی مجوزہ بل میں شامل کی گئی۔ الیکشن ایکٹ شق 230 کی سب کلاز 2 اے میں ترمیم کی گئی۔ الیکشن ایکٹ ترمیمی بل 2023 میں کہا گیا کہ نگران حکومت کو اضافی اختیارات حاصل ہوں گے۔ نگران حکومت کو معیشت کے بہتر مفاد میں ضروری فیصلوں اور عالمی اداروں کے معاہدوں پر اقدامات کا اختیار ہوگا

بقیہ 4

توشہ خانہ فوجداری کیس اسلام آباد ہائیکورٹ کو بھیج دیا۔ عدالت عظمیٰ نے قرار دیا کہ امید ہے اسلام آباد ہائیکورٹ چیئرمین پی ٹی آئی کی دیگر درخواستوں کے ساتھ یہ کیس بھی سنے گی۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے قرار دیا کہ سپریم کورٹ ٹرائل کورٹ کے معاملے میں مداخلت نہیں کرے گی، عدالت نے کیس دونوں فریقین کی رضا مندی سے نمٹا دیا۔ قبل ازیں سپریم کورٹ میں توشہ خانہ فوجداری کیس کے قابل سماعت ہونے کے معاملے پر جسٹس یحییٰ آفریدی نے وکیل خواجہ حارث سے استفسار کیا کہ اس کیس میں شکایت کنندہ کون ہے؟ جسٹس یحییٰ آفریدی نے قرار دیا کہ مناسب ہوگا فریقین کو بھی بلا لیں، سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کیا اور کیس کی سماعت ساڑھے 10 بجے تک ملتوی کردی تھی۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز توشہ خانہ کیس سے متعلق سابق وزیراعظم عمران خان کی اپیل سپریم کورٹ میں سماعت کے لیے مقرر کی گئی تھی۔ الیکشن کمیشن کی فوجداری کاروائی کی درخواست قابل سماعت ہونے کے خلاف عمران خان کی درخواست ٹرائل کورٹ کو واپس بھیجنے اور سات روز کے اندر فیصلہ کرنے کے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کو چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے عمران خان کیخلاف توشہ خانہ فوجداری کیس چلانے کیخلاف درخواستوں پر محفوظ فیصلہ جاری کیا۔ جس کے تحت عدالت نے ٹرائل کورٹ میں عمران خان کے خلاف عائد فرد جرم کو کالعدم قرار دیا، ہائیکورٹ نے معاملہ ماتحت عدالت کو واپس بھیجتے ہوئے 7 دن میں فیصلے کا حکم دیا تھا

بقیہ 5

شاندار پروگرام لائق تحسین ہے اسی طریقے سے پاکستان تیزی سے ترقی کے راستے پر گامزن ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ وسائل کو نوجوانوں کے قدموں میں نچھاور کرنا چاہیے، نوجوانوں کی صلاحیتوں کو مزید نکھارنے کی ضرورت ہے، ماضی میں خادم پنجاب کی حیثیت سے جو کچھ کیا وہ نہیں بتانا چاہتا یہ پچھلے بجٹ سے ایک لاکھ لیپ ٹاپ تقسیم کر رہے ہیں، لیپ ٹاپ کیلئے کوئی سفارش نہیں، صرف تعلیم معیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ موقع ملا تو چاروں صوبوں میں 5 سے 10 لاکھ لیپ ٹاپ تقسیم کریں گے، نوجوان ہماری قوم کے مستقبل کی ضمانت ہیں یہ نوجوان ملک کیلئے اربوں ڈالرز کما کر لائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بینک آسانی سے بڑے بزنس ہاسز کو لون دیتے ہیں، بینکوں کو یقینی بنانا ہوگا کہ نوجوانوں کو بھی لون ملے، گزشتہ حکومت نے نوجوانوں، کسانوں، چھوٹی انڈسٹریز کا خیال نہیں رکھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ غربت اور بے روزگاری سے نجات کیلئے مربوط پلان تیار کرلیا ہے پاکستان اب ڈیفالٹ کے خطرے سے نکل چکا ہے، کچھ لوگ جادو ٹونا اور پھونکیں مار رہے تھے کہ ملک ڈیفالٹ کر جائے، اللہ کا شکر ہے پاکستان ڈیفالٹ کی جانب نہیں گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا کہ اشرافیہ کو بوجھ قبول کرنا ہوگا، مزدور تو پہلے ہی دبا ہوا ہے، اگر پاکستان نے ترقی کرنی ہے تو کرپشن کا خاتمہ کرنا ہوگا، بجلی گیس کی چوری کا خاتمہ کرنا ہوگا، یقین ہے کہ نوجوان ہمیں بھی پار لگائیں گے اور پاکستان کو بھی پار لگائیں گے۔

بقیہ 6

قیادت جو فیصلہ کرے گی قبول ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نگراں حکومت کے اختیارات میں اضافہ کیے بغیر ملک

چلایا نہیں جاسکتا، اس کے لیے 60 کے بجائے 90 دن ہونا چاہئیں۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ملک میں صاف شفاف انتخابات کرانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات کے بعد پی ٹی آئی کے سنجیدہ لوگ الگ ہوگئے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ میں نے کہا تھا پاکستان ڈیفالٹ نہیں کرے گا، ڈالر کے مقابلے میں روپے کی اصل قیمت 244 روپے ہے، پی ٹی آئی دور میں روپے کی قدر گرنا شروع ہوئی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پارلیمنٹ نے 5 سالہ نااہلی سے متعلق فیصلہ کرلیا ہے، نواز شریف اور جہانگیر ترین کی نااہلی کے 5 سال پورے ہوگئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نواز شریف دھوم دھڑکے سے وطن واپس آکر انتخابات میں حصہ لیں گے، ملک کو نواز شریف جیسے قائد کی ضرورت ہے

بقیہ 7

کے پنجاب بھر کے انتظامات کے ساتھ کنٹرول رومز اور صوبائی مانیٹرنگ سیل کی مانیٹرنگ اور کوئیک رسپانس میکنزم کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسرز کو ہدایت کی کہ عاشورہ پہ ریسکیورز کی چھٹیاں محدود رہیں گیں اور ایمرجنسی کور فراہم کرنے کے لیے 9 اور 10 محرم کو ڈریڈ کا نفاذ کریں۔ ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں تعینات ڈیزاسٹر رسپانس فورس (DRF) کو کسی بھی بڑی ایمرجنسی کی صورت میں بیک اپ سپورٹ کے لیے فوری روانہ کیا جائے گا۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز بدھ کو ایمرجنسی سروسز ہیڈ کوارٹرز میں تمام اضلاع کے ایمرجنسی افسران اور سینئر ریسکیو افسران کی ویڈیو لنک میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے۔ انہوں نے تمام ڈی ای اوز کو ہدایت کی کہ وہ تیاریوں کی چیک لسٹ کا جائزہ لیں اور شیعہ فرقہ / مجالس کے اہم فوکل پرسنز کے ساتھ مسلسل ضلعی ایمرجنسی بورڈز کے اجلاس منعقد کریں، امامیہ اسکاؤٹس / رضاکاروں کی تربیت کو یقینی بنائیں، اور تمام جلوسوں اور اجتماعات کے گردو پیش کا اچھی طرح سے جائزہ لیں تاکہ فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جاسکے۔ قبل ازیں صوبائی مانیٹرنگ آفیسر نے سیکرٹری ایمرجنسی سروسز کو بریفنگ دی کہ تمام اضلاع میں ریسکیورز حکومت پنجاب کی طرف سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق محرم الحرام کے لیے ایمرجنسی پلان کے مطابق ہنگامی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں اور ریسکیو و میڈیکل کور کے انتظامات کے مطابق 9 ویں اور 10 ویں محرم کے دوران 1033 جلوسوں / اجتماعات کو ریسکیو اور میڈیکل کور فراہم کرنے کے لیے 6979 ریسکیورز تعینات کیے جائیں گے۔ ان تمام ریسکیورز کو پنجاب بھر میں قائم 1033 اہم مقامات پر تین شفٹوں میں تعینات کیا جائے گا۔ پنجاب کے تمام اضلاع میں 1115 موٹر بائیک ریسکیو سروس، 560 ایمرجنسی ایمبولینسز، 178 فائر وہیکلز اور 31 ریسکیو گاڑیاں روٹین ایمرجنسی آپریشن پہ متعین ایمرجنسی وہیکل کے علاوہ عاشورہ اور محرم کی مجالس کو ریسکیو و میڈیکل کور فراہم کریں گی۔ اسی طرح پنجاب کے تمام اضلاع میں محرم کے دوران ایمرجنسی کور فراہم کرنے کے لیے 1033 سپیشلائزڈ ریسکیو ٹیمیں بھی بڑے جلوسوں کے مقامات پر تعینات کی جائیں گی۔ صوبائی مانیٹرنگ آفیسر نے بتایا کہ تمام اضلاع نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ کے اجلاسوں میں ہدایت کیے گئے اہم اجتماعات کو ریسکیو کور فراہم کرنے کے لیے عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز، ڈاکٹر رضوان نصیر نے صوبائی دارالحکومت لاہور کے لیے ریسکیو سروس کے تعیناتی پلان کے بارے میں بھی بریفنگ لی جس میں 362 ریسکیورز 32 ایمبولینسز اور 86 موٹر سائیکلوں کے ساتھ ایمرجنسی کور فراہم کرنے کے لیے ریسکیو عملہ متعین ہوگا۔ کربلا گامے شاہ، امامیہ کالونی، نثار حویلی اور لاہور کے دیگر حساس مقامات پر خصوصی ریسکیو ٹیمیں تعینات ہوں گی۔ مزید برآں، اضافی ریسکیو ٹیمیں بھی سٹینڈ بائی پوزیشن پر رہیں گی اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں انہیں بلایا جاسکتا ہے۔ ایمرجنسی کور کے مطابق، تمام موبائل پوسٹیں اور ایمبولینسز میڈیکل کٹس کے ساتھ جلوس کے ساتھ ساتھ چلتی رہیں گی تاکہ اعزادران کو فوری طبی امداد فراہم کی جاسکے۔ مزید برآں، عاشورہ کے دوران ایمرجنسی سٹاف کی چھٹیوں کو محدود کردیا گیا ہے۔ ڈاکٹر رضوان نصیر نے بتایا کہ محرم کی ڈیوٹی کے ساتھ ساتھ معمول کے ریسکیو ایمرجنسی آپریشن بھی جاری رہیں گے، عوام الناس سے درخواست ہے کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ریسکیو سروسز کے لیے فوری 1122 ڈائل کریں۔

بقیہ 8

وکشمیر میں بولی جانے والی تمام مادری مقامی اور علاقائی زبانیں کشمیری گوجری پہاڑی ہندکو اور دیگر زبانیں اللہ تعالی کی نشانیاں اور ہماری پہچان ہیں اور ان کا تحفظ ہم سب کی ذمہ داری ہے مشاہدے میں آیا ہے آزاد کشمیر کے سرکاری اداروں میں کچھ افراد قومیت کے نام پر ان زبانوں میں تفریق یا تعصب کو فروغ دے رہے ہیں جبکہ ایسے لوگوں کو سب زبانوں کو یکساں اہمیت دینے کی ضرورت ہے یہ زبانیں کشمیر اور کشمیریوں کی شناخت ہیں اور کوئی بھی زبان کسی کی ملکیت نہیں ہوتی ہے زبان بولنے اور لکھنے والوں کی ہوتی ہے سانجھی تہذیب گوجری زبان وادب جموں وکشمیر ان تمام زبانوں کی ترویج واشاعت اور فروغ کیلئے کوشاں ہے تو اسی طرح دیگر تنظیموں اور اداروں کو بھی بلاتخصیص ان زبانوں کو فروغ دینا چاہئے کیونکہ وقت کی ضرورت ہے کہ ہم سب تعصبات اور تفریق سے بالاتر ہو کر کام کریں میاں محمد یوسف نے واضح کیا کہ جو کردار نفرتوں کو پروان چڑھا رہے ہیں ہمیں یہ تعصب ہرگز برداشت نہیں اگر ایسے کردار راہ راست پر نہ آئے تو ان کا محاسبہ کیا جائے گا اور یہ ہمارا حق ہ

بقیہ 9

آفات سے متعلق امدادی کارروائیوں کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ نیول چیف نے پاکستان کے خلاف کسی بھی جارحیت کا مؤثر انداز سے مقابلہ کرنے کے لیے مستقل جنگی تیاریوں کو برقرار رکھنے پر زور دیا۔ انہوں نے تمام کمانڈز کو جاری مون سون سیزن کے دوران امدادی سرگرمیوں کے لیے پوری طرح تیار رہنے کی ہدایت کی۔ امیرالبحر نے جدید ٹیکنالوجیز کے حصول کے ذریعے صلاحیتوں میں اضافے کے لیے کیے گئے اقدامات کو سراہا اور ملکی بحری سرحدوں کی حفاظت میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پاک بحریہ کی اعلیٰ آپریشنل تیاریوں پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ کمانڈ اینڈ اسٹاف کانفرنس پاکستان نیوی کا اعلیٰ فیصلہ ساز فورم ہے جس میں چیف آف دی نیول اسٹاف کی سربراہی میں پرنسپل اسٹاف آفیسرز اور فیلڈ کمانڈرز پاک بحریہ کی پالیسیوں اور منصوبوں کا جائزہ لیتے ہیں

بقیہ 10

کے دوران موبائل سروس بند کرنے کے لئے صوبائی حکومت محکمہ داخلہ وقبائلی امور نے وفاقی حکومت کو مراسلہ جاری کر دیا، مراسلے میں کہا گیا ہے کہ شہر میں 9 محرم الحرام کو صبح 9 بجے سے رات 8 بجے تک موبائل سروس بند رکھی جائے۔ مراسلے کے متن میں کہا گیا ہے کہ 10 محرم الحرام کو صبح 6 بجے سے رات 12 بجے تک موبائل فون، انٹرنیٹ سروس، پی ٹی سی ایل وی سروس بند رکھی جائے ۔ دوسری جانب کوئٹہ کے حساس اضلاع میں موٹرسائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی عائد کردی گئی جبکہ سبی، نصیر آباد اور کوئٹہ ڈویژن انتہائی حساس قرار دیے گئے ہیں۔

بقیہ 11

جدید سسٹم کا افتتاح نگران وزیراعلی کریں گے جس کے ذریعے شہری میونسپل سروسز بارے شکایات گھر بیٹھے درج کرواسکیں گے۔ شکایات کیلئے یہ سہولت ہیلپ لائن، موبائل ایپ، ویب پورٹل اور واٹس ایپ سروس کے ذریعے استعمال کی جاسکے گی اور اس پر موصوک ہونیوالی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے گا۔ کمپلینٹ مینیجمنٹ اینڈ انفارمیشن سسٹم کی ہیلپ لائن ہفتے میں سات دن اور چوبیس گھنٹے دستیاب ہوگی

بقیہ 12

ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور قطر پاکستان میں بڑی سرمایہ کاری کریں گے اس حوالے سے پاکستان ساورن فنڈ بنایا جائے گا، ساورن فنڈ بیوروکریٹک اور ریگولیٹری دقتوں سے پاک ہوگا، سات ریاستوں کے 2.3 ٹریلین روپے 8) ارب ڈالر (کے اثاثے اس فنڈ میں منتقل کیے جا رہے ہیں۔ مضمون میں مزید لکھا گیا ہے کہ حصص اور فروخت کے ذریعے ساورن فنڈ میں مزید اضافہ ہوگا، فنڈ کی آمدن بڑی سرمایہ کاری کیلئے استعمال ہوگی، حکومت خلیجی ممالک کے ساتھ مل کر خسارے والے اداروں کی نجکاری اور لیزنگ پر کام کرے گی، 2035 تک پاکستان کی معیشت ایک ٹریلین ڈالر ہو جائے گی، یو اے ای کے ساتھ جامع معاشی شراکت داری طے پاگئی ہے۔ علی عواد العسیری نے لکھا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کو بحرانوں سے نکال کر استحکام کی راہ پر ڈال دیا، انہوں نے بہترین کام کیا ہے، شہباز شریف نے پاکستان کی معاشی بحالی کے امکانات میں اضافہ کر دیا ہے، حکومت نے معاشی، سیاسی، سلامتی اور خارجہ محاذ پر نمایاں پیش رفت کی، وزیراعظم کو اپریل 2022 میں ذمہ داری سنبھالنے کے بعد ڈیفالٹ سمیت مشکل ترین حالات کا سامنا تھا۔ سابق سعودی سفیر نے لکھا کہ دہشت گردی کی تازہ لہر نے مزید مسائل بڑھائے، خارجہ سطح پر بڑی طاقتوں کے ساتھ تعلقات انتہائی بری سطح پر تھے، با اعتماد ساتھیوں کا اعتماد بحال کرنا کٹھن چیلنج تھا، وزیراعظم شہباز شریف نے انتہائی پیچیدہ حالات کا رخ بڑی کامیابی سے موڑا ہے، اتحادیوں، سکیورٹی اسٹیبلشمنٹ اور فارن پارٹنرز کے ساتھ مل کر حالات کو مستحکم کیا۔ مضمون میں مزید لکھا گیا کہ پاکستان اب مستحکم ہے اور نگران دور کی طرف جا رہا ہے، سپیشل انویسٹمنٹ فسیلی ٹیشن کونسل ون۔ ونڈو کی سہولت دینے کیلئے بنائی گئی ہے، آرمی چیف اور دیگر فوجی حکام کی شمولیت سے تسلسل، شفافیت اور اکاؤنٹیبلیٹی کی اہم ضمانت مل گئی ہے، معاشی بحالی کے اس منصوبے کا انحصار کیے جانے والے ٹھوس اقدامات پر ہے۔ انہوں نے لکھا کہ سعودی ویژن 2030 سے پاکستان کو معاشی ترقی کے بے پناہ مواقع مل سکتے ہیں، ہنرمند پاکستانیوں کو خلیجی ممالک میں روزگار ملے گا، پاکستان کی سول اور ملٹری قیادت سمجھتی ہے کہ خلیجی ممالک پاکستان کو معاشی بحران سے نکال سکتے ہیں۔

بقیہ 13

شبیہ ذوالجناح کا بڑا جلوس برمکان فقیر علی مرحوم اور سید ریاض حسین شاہ ہمدانی، سید رضی حسین شاہ ہمدانی ڈھوک سیداں سادات کالونی سٹریٹ 14 سے برآمد ہو کر اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا ڈھوک سیداں چوک پہنچ کر اختتام پزیر ہوا۔ جلوس میں زائرین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ گرجا روڈ کے درجنوں مقامات سے شبیہ ذوالجناح علم اور تعزیہ کے جلوس برآمد ہوئے جبکہ مجالس کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ جلوس کے روٹ پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔ گلیوں کو قناتیں لگا کر بند کیا گیا اور پولیس اہلکار گلیوں اور چھتوں پر تعینات کیے گئے جبکہ تھانہ دھمیال پولیس، ٹریفک پولیس، ریسکیو 1122 آمن کمیٹی، سول ڈیفنس کے ممبران سمیت دیگر سیکورٹی اہلکاروں نے بہترین سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیئے، جلوس کے دوران تھانہ دھمیال ایس ایچ او حسنین شاہ، ایس پی نبیل کھوکھر اے ایس پی زینب ایوب نے جلوس کی ازخود مانیٹرنگ کی۔

بقیہ 14

، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم حسنین سے 01 کلو 50 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم اسامہ سے 600 گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم صدیق سے 340 گرام چرس، ملزم امین اللہ سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ریس کورس پولیس نے ملزم عدنان سے 05 لیٹر شراب، نصیر آباد پولیس نے ملزم محمد عباس سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر واہ پولیس نے ملزم محمد اکرام سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے

بقیہ 15

کاروں کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ 16

رہنما رضا ربانی اور پی ٹی آئی نے مخالفت کی ہے، پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں کورم پورا ہونے کی نشاندہی کر دی گئی۔ مشترکہ اجلاس نے امیدوار کو تین پولنگ ایجنٹ نامزد کرنے کا اختیار دینے کی ترمیم بھی منظور کرلی جس کے بعد امیدوار کسی ایک پولنگ سٹیشن پر 3 پولنگ ایجنٹس کے نام دے سکے گا، جن میں سے صرف ایک پولنگ ایجنٹ ہی پولنگ اسٹیشن کے اندر رہے گا۔ ترمیم کے ذریعے پریذائیڈنگ افسر کو ووٹرز کی لسٹ پولنگ سٹیشن کے باہر آویزاں کرنے کا پابند کیا گیا ہے، پوسٹل بیلٹنگ کو شفاف بنانے کیلئے بھی ترمیم مشترکہ اجلاس سے منظور کرلی گئی، جس کے تحت الیکشن کمیشن انتخابات سے قبل جاری کردہ پوسٹل بیلٹ کی تفصیل ویب سائٹ پر ڈالنے کا پابند ہوگا۔ ترمیم منظوری کے بعد ہارنے اور جیتنے والے امیدوار کے درمیان ووٹ کا فرق 5 فیصد ہونے پر دوبارہ گنتی ہوسکے گی، قومی اسمبلی 8 جبکہ صوبائی اسمبلی کی نشست میں 4 ہزار ووٹ کا فرق ہو توری کاؤنٹنگ ہوگی، ریٹرننگ افسر اپنی نگرانی اور امیدواروں کی موجودگی میں دوبارہ گنتی کروائے گا

بقیہ 17

کا کل رقبہ ایک لاکھ 81 ہزار 225 سکوائر میٹر ہے۔ ان پارکس میں 50 ہزار سکوائر میٹر پر محیط علاقے پر صرف سبزہ موجود ہے جن میں سات ہزار سے زائد درخت اور جھاڑیاں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پارکس میں 62 ہزار میٹر طویل پیدل چلنے کے راستے بنائے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ پارکس میں 56 تفریحی علاقے اور بچوں کے لئے چھ گراؤنڈ مختص کیے گئے ہیں جبکہ تقریبا ایک ہزار گاڑیوں کی پارکنگ کی جگہ ہے۔ پارکس میں رات کے وقت روشنی کے لئے 750 آرائشی لائٹس بھی نصب کی گئی ہیں۔

بقیہ 18

ناقابل برداشت ہے ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ 19

495/23 تائن ون 3 سی تھانہ مندرہ میں درج کر کے ملزم کو پابند سلاسل کر دیا جبکہ کے گرفتار ملزم بابر کو چھڑوانے کے لیے ریڈنگ پارٹی کے ساتھ ابرار حسین اور دیگر دو نامعلوم اشخاص نے بانٹھ اڈا پر مزاحمت کی جس کے نتیجے میں پولیس کانسٹیبل کی وردی پھٹ گی این آئی یو افسر معہ نفری کو موقع پر آتے دیکھ کر ابرار اور اس کے ساتھ ائے دو نامعلوم ساتھی اپنی گاڑی چھوڑ کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گے جن کے خلاف تھانہ مندرہ میں کار سرکار میں مزاحمت کرنے کی دفعات کے تحت مقدمہ نمبر 496/23 درج کرلیا گیا ایس ایچ او تھانہ مندرہ نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے سزا یاب کروایا جائے گا منشیات فروشوں کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 20

۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اٹارنی جنرل نے کہا کہ مختلف جیلوں سے 2700 سے زائد آتشیں اسلحہ اور دیگر خطرناک ہتھیار برآمد کرلیے گئے ہیں۔ جیلوں میں ہونے والی پرتشدد کارروائیوں میں ہلاک قیدیوں کی تعداد 31 ہوگئی ہے جبکہ 14 شدید زخمی ہیں۔ قیدیوں کے چنگل سے 120 جیل افسران کو رہا کرالیا گیا۔ یادر ہے کہ ایکواڈور کی خطرناک جیل میں 22 جولائی سے دو گروپوں کے درمیان جھڑپیں شروع ہوئیں تھیں

بقیہ 21

کے پرنسپل سید شاہد گیلانی کی دعوت پر کالج کا دورہ کیا۔ وفد میں اپیسما راولپنڈی کے عامر انور، کرنل رفواحنیف، آغا شہاب مقصود، راجہ اعجاز، ودیگر شامل تھے۔ پرنسپل سید شاہد گیلانی نے ادارے کے بارے میں بریفنگ دی اور اپیسما کے وفد کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ادارہ اپیسما ممبران کی سفارشات کی روشنی میں مستحق طلبہ وطالبات کو فیسوں میں خصوصی رعایت دے گا۔ اپیسما راولپنڈی ڈویژن کے صدر ابرار احمد خان نے کہا کہ اسلامیہ کالج بہاولپور میں ہونے والے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس گھناونے کھیل میں ملوث مکروہ کرداروں کو بے نقاب کر کے نشان عبرت بنایا جائے اور صحیح معنوں میں اس مقدس پیشے سے وابستہ مخلص اساتذہ کو ذہنی دبا سے آزاد کیا جائے اگر ان کالی بھیڑوں کو لگام نہ ڈالی گئی تو والدین کا ان اداروں پر سے اعتماد اٹھ جائے گا۔ اپیسما نجی تعلیمی اداروں کی ملک گیر نمائندہ تنظیم ہے۔ انہوں نے کہا کیفونمنٹس کے نجی تعلیمی اداروں کے حقوق کے اور مفادات کے تحفظ کے لیے سرگرم عمل ہے۔ تقریب سے اپیسما تحصیل کے صدر راجہ وسیم سیفی نے بھی خطاب کیا

بقیہ 22

پی آر کے سابق سینئر آڈیٹر میر محمد قمبرانی کی وفاقی محتسب کے فیصلے کیخلاف اپیل مسترد کرتے ہوئے کہا کہ "سنگین بدانتظامی " یا "سنگین جرم " کا مرتکب ہونے پر کسی بھی سرکاری ملازم کی پنشن کو ریٹائرمنٹ کے بعد بند کیا جاسکتا ہے، سپیشل جج کوئٹہ کے فیصلے کے مطابق ملزم کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس برآمد ہوئی اور عدالت میں پیش کی گئی۔ ڈاکٹر عارف علوی نے مزید کہا کہ ملزم نے رضاکارانہ طور پر اعتراف کیا کہ اس سے قبل وہ 4/5 بار منشیات سمگل کرتا رہا ہے، قانون کے تحت مستقبل کا اچھا طرز عمل پنشن گرانٹ کی لازمی شرط ہے، اگر پنشنر کسی سنگین جرم یا بدانتظامی کا مرتکب ہو تو حکومت پنشن یا ایک حصے کو روکنے یا واپس لینے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ صدر نے کہا کہ ضابطے کے تحت پنشن کا پورا یا کوئی حصہ روکنے یا واپس لینے کے سوال پر صدر کا فیصلہ حتمی ہوتا ہے، سپریم کورٹ نے بھی پنشن کا حقدار ہونے کیلئے سرکاری ملازم کا زندگی بھر کا اچھا طرز عمل ہونا ضروری قرار دیا ہے، سول سروس ضوابط 351 کے تحت میر محمد قمبرانی کی سزا کی تاریخ سے پنشن روکی جاتی ہے۔

بقیہ 23

کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کی شناخت منیر گل، عمر گل اور مراد گل کے نام سے ہوئی ہے، ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کے چوری شدہ 02 گیئر بکس اور زیر استعمال رکشہ برآمد ہوا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 24

میں مکمل معلومات حاصل کریں۔ ماتمی جلوسوں کے راستے میں آنے والی بجلی کی تاروں کو ترجیحی بنیادوں پر منظم اور ٹرانسفارمرز کو اپ گریڈ کر دیا گیا ہے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے فیلڈ دفاتر کو اضافی ٹرانسفارمرز، کیبلز اور میٹر فراہم کردیے گئے ہیں۔ مرکزی ماتمی جلوسوں کے ساتھ آئیسکو کے متعلقہ سب ڈویژن کا سٹاف بھی موجود رہے گا جو کہ بجلی سے متعلقہ کسی بھی ہنگامی صورتحال پر فوری طور پر قابو پانے کے لئے الرٹ رہے گا۔ ایس ڈی او دفاتر میں متعلقہ افسران اور سٹاف تمام تر ضروری آلات کے ساتھ الرٹ رہیں گے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی سستی یا کوتاہی ناقابل قبول ہوگی۔ بجلی کی بلاتعطل ترسیل اور شکایات کے فوری ازالے کو ممکن بنانے کیلئے مرکزی کنٹرول روم اسلام آباد سے بھی چیف ایگزیکٹو آئیسکو بجلی کی ترسیل اور شکایات کے بروقت ازالے کی براہ راست نگرانی کریں گے۔ کسی بھی شکایات کی صورت میں صارفین اسلام آباد سرکل میں قائم مانیٹرنگ سیل کے نمبرز 051-9253095, 0319-5990104، راولپنڈی سٹی سرکل کے نمبر 051-9292676, 0319-5990305، راولپنڈی کینٹ سرکل کے نمبر 0319-5990606، اٹک سرکل کے نمبرز 051-4950343, 0319-5993156، جہلم سرکل کے نمبر 0544-920169, 0319-5990404 اور چکوال سرکل کے نمبرز 0543-668700, 0319-5990505 پر رابطہ کر سکتے ہیں، اس کے علاوہ سینٹرل کمپلینٹ اینڈ مانیٹرنگ سیل کے فون نمبرز 051-9252933-34 اور آئیسکو ہیلپ لائن 118 بھی 24 گھنٹے صارفین کی شکایات کے اندراج اور ازالے کے لئے میسر رہیں گے۔

بقیہ 25

ایسے واقعات کے روک تھام کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں، ایسے واقعات میں بیرونی عناصر کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، دہشت گردوں نے اب مساجد کو نشانہ بنانا شروع کر دیا ہے، مساجد کو نشانہ بنانے والے مسلمان کہلانے کے بھی قابل نہیں۔ سی ٹی ڈی اور پولیس کو مضبوط کیا جارہا ہے، پولیس کی استعداد کار کو بڑھایا جارہا ہے، عوام کے تحفظ کے پیش نظر پولیس اسلحہ اور آرمڈ وہیکل فراہم کئے جارہے ہیں، مساجد کو نشانہ بنانا میں بیرونی ہاتھ ملوث ہے جو پاکستان کی سلامتی اور امن کے دشمن ہیں۔ دھماکے کی ویڈیو پولیس اہلکاروں نے بنائی جس کے بارے میں واضح نہیں کہا جاسکتا، اس واقعہ میں تفتیش کا عمل جاری ہے، ٹارگٹ کلنگ میں ملوث افراد کو پولیس نے گرفتار کیا ہے۔

بقیہ 26

میں لانچ ہوئے تھے، ہم دنیا کے اولین ممالک میں سے تھے جنہوں نے قومی اسمبلی سے پائیدار ترقی کے اہداف کو قومی ترقی کے اہداف بنا کر اپنایا۔ انہوں نے کہا کہ 2013 میں ہمیں 340 ارب روپے کا ترقیاتی بجٹ ملا تھا، 2018 میں تین گنا اضافہ کے بعد وہ تقریبا ایک ہزار ارب ہوگیا مگر 2022 میں یہی ترقیاتی بجٹ 550 ارب روپے رہ گیا اور اگر اس بجٹ کا افراط زر کے ساتھ موازنہ کیا جائے تو یہ بہت ہی کم رہ جاتا ہے، رواں سال ہم نے اس بجٹ کو دوبارہ 1150 ارب روپے تک بڑھایا ہے جو کہ ایک ریکارڈ ہے، ہمیں تمام تر مشکلات کے باوجود کوشش کی ہے کہ ترقی کی رفتار کو تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال ہم نے نئے منصوبے شروع کئے ہیں اور مشاورت کے ساتھ ملک کے مستقبل کے حوالے سے ترقیاتی اہداف کو ممکن بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے ہیں، ہم نے فائیو ای فریم ورک ترتیب دیا تا کہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے مستقل بنیادوں پر کام کیا جاسکے، ہم ملک سے غربت اور ناہمواری کو کیسے ختم کرسکتے ہیں بالخصوص جو کمزور طبقہ ہے ان کو کس طریقے سے اوپر لاسکتے ہیں، اسی سوچ کے تحت حکومت نے پاکستان نیوٹریشن انیشیٹو شروع کیا، اس کے ساتھ ساتھ چند اور منصوبے بھی شروع کئے ہیں جو ملک کے مستقبل کیلئے بہت اہم ہیں، 35 ارب روپے کی لاگت سے نیشنل ہیپاٹائٹس انیشیٹیو پروگرام شروع کیا ہے اور ہمارا ہدف ہے کہ ہم آئندہ تین سالوں میں ملک میں زیرو ہیپاٹائٹس پر چلے جائیں کیونکہ پاکستان میں ہر تیسرا فرد اس مرض کا شکار ہو چکا ہے اسی طرح قومی سطح پر ذیابیطس کے مریضوں کیلئے ایک پروگرام شروع کیا جارہا ہے اس کے ساتھ ساتھ 25 ارب روپے کی لاگت سے ایک پروگرام شروع کیا ہے جس کا مقصد سکولوں سے باہر رہ جانے والے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا ہے کیونکہ ہمارے ملک میں بچوں کی ابتدائی تعلیم کا رجحان بہت کم ہے جس کو ختم کرنے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں اور اس پروگرام کو صوبوں کی مدد کے ساتھ شروع کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم امید کرتے ہیں کہ اس پروگرام کے مثبت نتائج برآمد ہونگے، اسی طرح 40 ارب روپے کی لاگت سے ملک بھر کے 20 غریب ترین اور پسماندہ اضلاع جن میں بلوچستان کے 11، سندھ کے 5، خیبر پختونخوا کے 3 اور پنجاب کا ایک ضلع شامل ہے، ان کو آئندہ 5 سے 7 برسوں کے دوران ملک کے دیگر اضلاع کے برابر لایا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان میں ہمیشہ بات ہوتی ہے کہ 40 فیصد سے زائد بچے غذائی قلت کا شکار ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ اعدادوشمار کے مطابق 80 فیصد بچے کیلشیم، زنک اور آئرن کی کمی کا شکار ہیں، 60 فیصد وٹامن سی، 25 فیصد وٹامن بی، 64 بچے پروٹینز، 75 فیصد بچے فولک کی کمی اور 30 فیصد بچے موٹاپے کا شکار ہیں جو کہ خطرے کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں میں غذائیت کی کمی کو ختم کرنے کیلئے حکومت نے پاکستان نیوٹریشن پروگرام وزارت منصوبہ بندی کے تحت شروع کیا ہے اور ہم صوبوں کے ساتھ مل کر ٹھوس بنیادوں پر اس مسئلے کو حل کریں گے۔

بقیہ 27

مجوزہ روٹ کو تبدیل کر کے سیاسی رہنما کے گھر اور زمینوں کے پاس سے گزارا گیا۔ بوستان آباد اور بیور کے مقام پر بھی سڑک کا روٹ تبدیل کر کے سیاسی رہنماء اور عزیز و اقارب کو مستفید کیا گیا، ٹورازم ہائی وے کا مجوزہ روٹ تبدیل کرنے سے قومی خزانے کو کروڑوں روپے کا نقصان ہوا، سڑک کا مجوزہ روٹ تبدیل کرنے سے فاصلہ بھی بڑھا اور تخمینہ لاگت بھی بڑھ گئی، سڑک کا مجوزہ روٹ تبدیل کرنے سے مجموعی تخمینہ میں 90 کروڑ سے زائد کے اخراجات بڑھے۔ مقدمہ میں کہا گیا کہ انکوائری کر کے کارروائی عمل میں لائی جائے جس پر اینٹی کرپشن نے انکوائری کے بعد ایکسین پنجاب ہائی ویز سعد سلامہ، ایس ڈی او محمد اکرم، سابق ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی واثق قیوم اور ممبر صوبائی میجر ر طاسب ستی کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا جبکہ ایکسین طاہر اکرم راو اور ایس ڈی او خالد محمود کے خلاف محکمانہ ایکشن کی سفارش کی۔ اینٹی کرپشن حکام کا کہنا تھا کہ مقدمہ درج کر کے نامزد ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 28

کام لینا شروع کر دیا ہے، انہیں ملک سے بھگا دیا گیا ہے۔ سابق معاون خصوصی کے وکیل نے بتایا کہ میرا مؤکل بیماری کی وجہ سے بیرون ملک گیا، بھاگا نہیں۔ دوران سماعت ایف آئی اے اور نادرا نے شہباز گل کی جائیدادوں سے متعلق رپورٹ عدالت میں جمع کرائی، عدالت نے سابق معاون خصوصی کی 2 درخواستیں مسترد کر دیں، شہباز گل کی کیس کی کارروائی روکنے اور بذریعہ ویڈیو لنک حاضری کی درخواست مسترد کی گئی۔ سیشن عدالت نے شہباز گل کو 31 جولائی کو ذاتی حیثیت میں طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل سیشن عدالت نے شہباز گل کا شناختی کارڈ بلاک کرنے اور انہیں فوری گرفتار کرنے کا حکم دیا تھا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت میں بغاوت پر اکسانے سے متعلق رہنما پی ٹی آئی شہباز گل کیخلاف کیس کی سماعت ہوئی، عدالت نے شہباز گل کیخلاف اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع کرنے کا حکم دیا۔ ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا نے ایف آئی اے کو شہباز گل کو فوری گرفتار کرنے کا حکم دیتے قرار دیا کہ شہباز گل پاکستان میں جس ایئر پورٹ پر نظر آئیں، انہیں گرفتار کر کے عدالت میں پیش کیا جائے۔ عدالت نے چیئرمین نادرا کو رہنما پی ٹی آئی کا شناختی کارڈ بلاک کرنے کا حکم بھی دیا تھا۔

بقیہ 29

ثابت نہیں ہوسکی۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان کورنگی نمبر 5 میں واقع ڈاؤ لیب میں ڈکیتی کی غرض سے داخل ہوئے تھے، اطلاع ملتے ہی پولیس پہنچی تو ملزمان نے جان بچانے کے لئے لیب میں موجود میاں بیوی کو اسلحے کی نوک پر یرغمال بنالیا۔ میڈیا نے واقعے کی ویڈیو حاصل کرلی ہے، جس میں واضح طور پر دیکھا جاسکتا ہے کہ لیب کے باہر دو ڈاکوؤں نے معمر جوڑے کو اسلحے کی نوک پر رکھا ہوا ہے، اور پولیس اہلکار ڈاکوؤں کو میاں بیوی کو چھوڑنے کی درخواست کر رہا ہے۔ پولیس حکام نے بتایا کہ پولیس اہلکار نے عقلمندی سے ڈاکو کا دھیان شہری سے ہٹایا اور دوسرے اہلکار نے فائرنگ کر کے دونوں ملزمان کو زخمی کردیا، تاہم ڈاکوؤں نے بھی پولیس اہلکار پر فائرنگ کی، جس سے وہ زخمی ہوا، تاہم بلٹ پروف جیکٹ کی وجہ سے اس کی جان بچ گئی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، اور ڈاکوؤں کی لاشوں اور زخمی اہلکار کو اسپتال منتقل کردیا۔ ہلاک ملزم سے اسلحہ، نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل برآمد ہوا ہے، جب کہ ہلاک ملزمان کی شناخت کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ 30

دزخمی ہوئے، زخمیوں میں 99 مرد، 62 خواتین اور 72 بچے شامل ہیں، مون سون بارشوں کے باعث پنجاب میں 147 افراد زخمی ہوئے جبکہ ملک بھر میں کل 468 گھروں کو نقصان پہنچا۔ رپورٹ کے مطابق حالیہ بارشوں اور سیلاب سے 289 مویشیوں کو نقصان پہنچا ہے۔

بقیہ 31

۔ اس سے قبل، بحرین نے منامہ میں سویڈن کی ناظم الامور کو طلب کیا ہے اور ایک باضابطہ احتجاجی مراسلہ ان کے حوالے کیا ہے۔ جس میں پولیس کی حفاظت میں اسٹاک ہوم میں انتہاپسندوں کو قرآن کے نسخے جلانے کی اجازت دینے پر احتجاج کیا گیا ہے اور ان واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے

بقیہ 32

میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بغور جائزہ لیا تمام تر انتظامات کو تسلی بخش پایا انہوں نے ہسپتال میں علاج معالجہ کے لیے آنے والے اور وارڈز میں ایڈمٹ مریضوں اور انکے لواحقین سے فردا فردا مل کر گورنمنٹ آف پنجاب کی جانب سے دی جانے والی سہولیات اور ڈاکٹرز اور سٹاف کے رویے کے متعلق دریافت کیا مریضوں اور لواحقین نے بتایا کہ تمام تر ادویات اور دیگر سہولیات ہمیں ہسپتال میں فراہم کی جارہی ہیں ڈاکٹرز اور سٹاف کا رویہ بھی دوستانہ ہے

بقیہ 33

کو بتایا کہ، تہران باقاعدگی سے روس میں زیر تعمیر فیکٹری میں سامان منتقل کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سہولت ابھی زیر تعمیر ہے اور توقع ہے کہ روس کو بغیر پائلٹ کے طیاروں کا ایک نیا ذخیرہ فراہم کرے گا۔ امریکی انٹیلی جنس نے کہا کہ یہ سہولت اگلے سال کے آغاز تک مکمل ہو جائے گی، اور خبردار کیا گیا ہے کہ نئے ڈرونز کا روس یوکرین تنازعہ پر خاصا اثر ہو سکتا ہے۔ ایک سینئر اہلکار نے کہا کہ تجزیہ کاروں نے پہلی بار اپریل 2022 میں روس ایران فوجی شراکت داری کے بڑھتے ہوئے آثار دیکھے۔ رپورٹ میں یہ بھی انکشاف کیا گیا ہے کہ ایران روس کو فوجی ساز و سامان کی فراہمی سے فائدہ اٹھاتا ہے کیونکہ اس طرح وہ اپنے ہتھیار بین الاقوامی خریداروں کو پیش کرسکتا ہے اور اس کے بدلے میں روس سے اپنے خلائی اور میزائل پروگراموں کے لیے رقم اور مدد حاصل کرسکتا ہے۔

بقیہ 34

، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ جلوس کے انٹری پوائنٹس پر واک تھرو گیٹس لگائے جائیں گے، جلوس / مجالس میں آنے والے شرکاء کو مکمل باڈی سرچ کے بعد داخلے کی اجازت ہوگی، جلوس کی سکیورٹی کیلئے روف ٹاپ پر ماہر نشانہ باز تعینات ہوں گے، جلوس کے آغاز سے قبل روٹ کی سرچنگ اور سویپنگ کی جائے گی، جلوس کے روٹ پر گلیوں، سڑکوں اور دیگر راستوں کو سیل کیا جائے گا، محرم الحرام کے دوران ضابطہ اخلاق اور حکومت پنجاب کے احکامات پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا، فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا

بقیہ 35

کامیاب ہو گئی ہے۔ وفاقی حکومت نے نگران حکومت کے اختیارات سے متعلق شق 230 بل سے نہ نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نگران حکومت سے متعلق شق 230 میں ترمیم کردی گئی، نگران حکومت کو دو فریقی اور سہ فریقی معاہدوں کا اختیار ہوگا تاہم نگران حکومت کوئی نیا معاہدہ نہیں کرسکے گی۔ ذرائع کے مطابق نگران حکومت کے اختیارات محدود ہوں گے۔ نگران حکومت پہلے سے جاری منصوبوں اور پروگرام سے متعلق اختیار استعمال کرسکے گی اور نگران حکومت کو پہلے سے جاری منصوبوں پر اداروں سے بات کرنے کا اختیار بھی ہوگا۔ جبکہ رہنما پیپلز پارٹی فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ الیکشن ایکٹ ترمیمی بل پر اتحادیوں کو اعتماد میں نہیں لیا گیا

بقیہ 36

کے دوران ضلع بھر کی سکیورٹی ہائی الرٹ رہے گی جسکے لئے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ انہوں نے حالیہ ہونیوالے واقعات کے تناظر میں چوکیات کی چاروں اطراف کی اندرونی و بیرونی سکیورٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا اور تمام جوانوں کو سکیورٹی میں مزید بہتری لانے اور دوران ڈیوٹی الرٹ وچوکس رہنے کی سخت ہدایات جاری کیں

بقیہ 37

خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا، عظمیٰ خان نے ضمانت کیلئے سپیشل جج اینٹی کرپشن محمد اسلم بھٹی کی عدالت میں ضمانت دائر کی جس پر فاضل جج نے عبوری ضمانت منظور کرتے ہوئے 31 اگست کو دوبارہ طلب کرلیا۔ یادر ہے کہ عظمیٰ خان قبل ازیں اینٹی کرپشن کی طرف سے بنائی جانیوالی جے آئی ٹی میں پیش ہوکر بیان ریکارڈ کروا چکی ہیں

بقیہ 38

کیا گیا ہے جبکہ بی ڈی یو اور سنیفر ڈاگ کے ذریعے بار بار سویپنگ کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عزاداروں کو تھری لیئر سکیورٹی حصار سے گزار کر جلوسوں اور مجالس میں شامل کیا جا رہا ہے۔ شہر کی سکیورٹی بہتر بنانے اور امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے ہمہ وقت چیکنگ اور مانیٹرنگ کا سلسلہ جاری ہے

بقیہ 39

گاڑی کے شیشے توڑ کر عمر کی لاش کو نکالا گیا۔ پولیس نے لاش پوسٹ مارٹم کے لیے ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح ہسپتال منتقل کردی۔ ایس ایس پی ساؤتھ اسد رضا کے مطابق سی ویو کے قریب گاڑی سے ملنے والی لاش کے ساتھ خط بھی ملا۔ خط کے مطابق متوفی نے منگل کی دوپہر کو خط لکھا تھا۔ خط میں متوفی نے اپنی مرضی سے خودکشی کی اور اس کا کسی کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا۔ انہوں نے بتایا کہ خط میں لکھا گیا تھا متوفی اپنے حالات اور زندگی سے بہت تنگ ہے۔ پولیس نے مختلف پہلوؤں سے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ دوسری جانب سوتیلے باپ کے تشدد سے 4 سالہ بچہ دم توڑ گیا۔ بتایا گیا ہے کہ ملزم عثمان نے بچے چاند علی پر بے پناہ تشدد کیا جس سے اس کی موت واقع ہوگئی، ملزم بچے کو قتل کرنے کے بعد اس کی لاش پاکپتن لے گئے تھے۔ پولیس نے اطلاع ملنے پر کارروائی کر کے لاش کو تحویل میں لے لیا اور لاہور لے آئی۔ پولیس نے ملزم عثمان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق عثمان کا 20 روز قبل ہی مقتول چاند کی والدہ سے نکاح ہوا تھا، عثمان چاند اور اس کے بہنوں کو تشدد کا نشانہ بناتا تھا

بقیہ 40

عظیم، سول ڈیفنس آفیسر سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئیر نوید اختر نے ڈپٹی کمشنر پشاور کو آگ بجھانے کے آلات سمیت دیگر آلات کے بارے میں تفصیل سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر پشاور نے ریسکیو ایمرجنسی کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا اور کنٹرول روم بابت آگاہی حاصل کی۔ ڈپٹی کمشنر پشاور نے فائر فائٹر سمیت دیگر سٹاف سے بھی ملاقات کی۔ انھوں نے ریسکیو 1122 کی کارکردگی کو سراہا اور داد دی۔

بقیہ 41

ٹیموں کی شکل میں گاڑی کے نیویگیشن سسٹم، پاور کی صلاحیت، باڈی ورک اور چیسس کو تیار کرنے کے لیے کام کیا تاکہ مکمل طور پر سورج کی توانائی سے چلنے والی کار بنائی جاسکے۔ بتایا گیا ہے کہ یونیورسٹی کے سکول آف انجینیئرنگ کے 22 سینئر طلباء نے اس کار کو تیار کرنے اور اسے حقیقت میں لانے کے لیے اس خیال پر سائنس اور ٹیکنالوجی کا اطلاق کیا، جس کے نتیجے میں یہ گاڑی اب تصوراتی ڈیزائن کے ثبوت کے طور پر یونیورسٹی میں نمائش کے لیے رکھی گئی ہے، اس امید کے ساتھ کہ یہ جلد ہی ایک عملی مقصد کو پورا کرنے کے لیے سڑکوں پر دوڑتی نظر آئے گی۔

بقیہ 42

شہر بچیانہ کو ڈی ڈی ایچ او جڑانوالہ نے عطائیوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔ بچیانہ میں تمام میڈیکل سٹور مالکان نے غیر قانونی طور پر کلینکس بنا کر سر عام پریکٹس شروع کردی۔ محکمہ صحت جڑانوالہ نے مبینہ طور پر بھاری منتھلیوں کے عوض عطائیوں کو قیمتی انسانی جانوں کے ساتھ کھیلنے کی کھلی چھٹی دے رکھی ہے جس کی وجہ سے کئی افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ متعدد افراد ٹانگوں اور بازوؤں سے معذور ہو کر رہ چکے ہیں۔ محکمہ صحت جڑانوالہ کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے چیکنگ نہ ہونے کی بنا پر قوت بخش میڈیسن، نشہ آور انجیکشن، اور زہریلے مواد کی فروخت بھی دھڑلے سے جاری ہے جو انسانی جانوں کے لیے انتہائی نقصان دے رہا ہے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر چلنے والے کلینکس اور میڈیکل سٹوروں کے خلاف کاروائی کر کے بند کیا جائے۔ اور موجودہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کے ہٹا کر کوئی فرض شناس آفیسر کو تعینات کیا جائے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ ہوسکے۔ جڑانوالہ: ٹی ایچ کیو ہسپتال گیٹ کے سامنے کھڑا گندا بدبودار پانی اور کوڑے کرکٹ کا ڈھیر حکام بالا کی توجہ کا منتظر۔ گندے پانی اور کوڑے کرکٹ کے ڈھیر سے ٹی ایچ کیو ہسپتال آنیوالے مریضوں کو پریشانی کا سامنا۔ ہسپتال کے گیٹ پر لگے کوڑے کرکٹ کے ڈھیر اور پانی کیوجہ سے ڈاکٹرز و پیرا میڈیکل اسٹاف کو بھی مشکلات کا سامنا۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال جڑانوالہ گیٹ پر لگے کوڑے کرکٹ کے ڈھیر اور گندے بدبودار پانی کا مسئلہ فی الفور حل کیا جائے۔ عوامی سماجی حلقوں کا کمشنر، ڈپٹی کمشنر فیصل آباد اور اسسٹنٹ کمشنر جڑانوالہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ۔

بقیہ 43

رپورٹ میں بتایا گیا کہ تشدد کے باعث بچی کے جسم میں خون کی گردش نہیں ہو رہی، تشدد کی وجہ سے لڑکی کا جگر شدید متاثر ہوا ہے۔ انفیکشن کی وجہ سے لڑکی کا بلڈ پریشر گرتا جا رہا ہے، میڈیکل رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ لڑکی کے دونوں بازو فریکچر ہیں، تشدد سے آنکھیں بھی متاثر ہوئیں۔ لڑکی کو حالت بہتر ہونے تک آئی سی یو میں رکھا جائے گا، لڑکی کا بلڈ پریشر بحال رکھنے کے لیے سپورٹ پر رکھا جائے گا۔ رپورٹ کے مطابق خوف اور شدید زخموں کے باعث لڑکی بات کرنے سے قاصر ہے، تشدد اور انفیکشن کی وجہ سے لڑکی کے جسم پر شدید سوجن ہے۔ حالت خراب ہونے کی وجہ سے لڑکی کچھ کھا پی بھی نہیں سکتی، لڑکی کے خون میں ریڈ، وائٹ بلڈ سیلز اور پلیٹ لیٹس انتہائی کم ہیں۔

بقیہ 44

شماری کے عبوری نتائج موجودہ حکومت جاری کرے، وزیر اعظم نے کہا کہ تاحال پرانی حلقہ بندی، مردم شماری پر اگلے الیکشن کا فیصلہ نہیں ہوا۔ شہباز شریف نے ایم کیو ایم وفد کو یقین دلایا کہ نگران حکومت کے معاملے پر ن لیگ کمیٹی، مردم شماری پر وفاقی وزارت کے حکام سے بات چیت ہوگی، تمام فیصلے اتحادیوں کی مشاورت سے ہوں گے۔ پیپلز پارٹی کے وفد کی ملاقات دریں اثنا وزیراعظم شہباز شریف سے گورنر سندھ کامران ٹیسوری اور وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے کراچی میں ملاقات کی، ملاقات میں موجودہ ملکی سیاسی صورتحال پر گفتگو کی گئی، ملاقات میں سندھ میں جاری وفاقی حکومت کے ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 45

پریشر بحال رکھنے کے لیے سپورٹ پر رکھا جائے گا۔ خوف اور شدید زخموں کے باعث لڑکی بات کرنے سے قاصر ہے۔ تشدد اور انفیکشن کی وجہ سے لڑکی کے جسم پر شدید سوجن ہے۔ حالت خراب ہونے کی وجہ سے لڑکی کچھ کھا پی بھی نہیں سکتی۔ لڑکی کے خون میں ریڈ، وائٹ بلڈ سیلز، پلیٹ لیٹس انتہائی کم ہیں۔ خیال رہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گھریلو ملازمہ پر تشدد کے الزام میں بچی کے والد کی درخواست پر سول جج اور ان کی اہلیہ کیخلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ مقدمہ میں کہا گیا کہ سومیہ بی بی نے بچی پر بہیمانہ تشدد کیا جس سے سر میں زخم آئے جن میں کیڑے پڑ چکے ہیں اور بچی کے بازو، ٹانگیں اور پسلیاں بھی ٹوٹی ہوئی ہیں۔ اسلام آباد پولیس کے ترجمان کے مطابق بچی کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا اور ملزمہ سومیہ بی بی کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں، مقدمہ کی تفتیش میرٹ پر کی جائے گی اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سرگودھا شہر کے علاقہ جناح کالونی کی خاتون شمیم بی بی کی 14 سالہ بیٹی رضوانہ بی بی کو مختار نامی شخص کے ذریعے سات ماہ قبل اسلام آباد جوڈیشل آفیسر عاصم حفیظ کے ہاں گھریلو ملازمت ملی تھی جہاں آفیسر کی اہلیہ نے مبینہ طور پر 14 سالہ گھریلو ملازمہ رضوانہ بی بی کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا اور نازک حالت میں سرگودھا بھجوایا تھا

بقیہ 46

کچھ ساتھیوں کیساتھ فائرنگ کر کے محمد علی کو قتل کر دیا جس کا مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے

بقیہ 47

ہے، عمران نیازی کے بلوائیوں، شرپسندوں نے ملک کو مفلوج کرنے کی کوشش ملک کی ساکھ کو داؤ پر لگایا گیا ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء امید وار پی پی حلقہ 164 چوہدری طارق سعید جٹ جاتی امراء تارڑ گل اپنی رہائش گاہ پر جیالوں اور میڈیا سے کر رہے تھے، اس موقع پر ان کے ہمراہ زونل صدر استاد کریم، جنرل سیکرٹری خالد محمود بھٹی بھی تھے، انہوں نے مزید کہا کہ آج عمران معصوم بن کر خود کو ریاست اور قانون سے بالاتر سمجھتا ہے، عمران نیازی کی یہودی لابی پشت پناہی کر رہی ہے منصوبہ بندی کے تحت سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا، جتھوں کے خلاف ہر صورت کارروائی کی جائے، عدلیہ اور تحریک انصاف کا ایک گٹھ جوڑ صاف نظر آرہا ہے، اب حکومت بھی اپنا ٹریلر چلائے، عدل کا جھکاؤ صاف نظر آرہا ہے، پی ٹی آئی دور میں سیاسی مخالفین کو کئی کئی ماہ ریمانڈ پر رکھا گیا اور کسی لیڈر کو ضمانت نہیں دی لیکن آج تو عدلیہ بغیر ضمانت مانگے ضمانت پیش کر رہی ہے، ایک ساتھ 9 کیسز میں ریلیف دیکر اپنی وفاداری کا واضح ثبوت ہے، حکومت دہشت گردوں اور ملک میں شہیدوں کی یاد گاروں کے تحفظ کا تہیہ کیا ہے، اب کسی کو کھلی چھوٹ نہیں دی جاسکتی پرامن احتجاج سب کا حق ہے، حکومت کا پیغام ہے ملک کو جلانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

بقیہ 48

پوائنٹ پر اسکے ساتھ کار میں بیٹھ گئے جبکہ 2 موٹر سائیکل سوار ریکی کرتے رہے اور جب کار سول ہسپتال کے قریب پہنچی تو رش ہونے پر اس نے شور مچایا تو اغواء کار اسکو چھوڑ کر فرار ہوگئے پولیس نے مقدمہ درج کر کے اغواء کاروں کی تلاش شروع کردی

بقیہ 49

اسلام آباد ہائیکورٹ کو بھیج دیا۔ عدالت عظمٰی نے قرار دیا کہ امید ہے اسلام آباد ہائیکورٹ چیئرمین پی ٹی آئی کی دیگر درخواستوں کے ساتھ یہ کیس بھی سنے گی۔ جسٹس یحیٰ آفریدی نے ریمارکس دیئے کہ سپریم کورٹ ٹرائل کورٹ کے معاملے میں مداخلت نہیں کرے گی، عدالت نے کیس دونوں فریقین کی رضامندی سے نمٹا دیا۔ توشہ خانہ فوجداری کیس کے قابل سماعت ہونے کے معاملے پر جسٹس یحیٰ آفریدی نے وکیل خواجہ حارث سے استفسار کیا کہ اس کیس میں شکایت کنندہ کون ہے؟

بقیہ 50

صدر زرداری نے صدارتی اختیارات پارلیمان کو منتقل کر دیے۔ شیری رحمان نے مزید کہا کہ صدر زرداری کی قیادت اور کاوشوں نے سیاسی منظرنامے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے، صدر زرداری کی لمبی عمر، صحت اور خوشیوں کیلئے دعا گو ہیں۔

بقیہ 51

رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سوڈانی فوج کے سینئر عہدیدار کینیا کی طرف سے امن فوجی دستوں کو بھیجنے کی تجویز کو یکسر مسترد کرتے ہوئے اس کے سنگین نتائج پر خبردار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کینیا کی طرف سے سوڈان میں فوجی بھیجے گئے تو ان میں سے کوئی بھی زندہ واپس نہیں جائیگا۔ سوڈانی فوج نے کینیا کی قیادت میں پیش قدمی کو بار بار مسترد کرتے ہوئے اس پر ریپڈ سپورٹ فورسز کی حمایت کا الزام لگایا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ وہ کسی بھی غیر ملکی امن فوجیوں کو دشمن قوتیں تصور کریں گے۔ سوڈانی مسلح افواج کے اسسٹنٹ کمانڈر انچیف لیفٹیننٹ جنرل یاسر العطا نے کہا کہ مشرقی افریقی افواج انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیں۔ انہوں نے قسم کھائی کہ ان میں سے کوئی بھی فوجی واپس نہیں آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ ایک تیسرا ملک تھا جس نے کینیا کو اس اقدام کو آگے بڑھانے پر اکسایا تاہم انہوں نے اس تیسرے ملک کا نام نہیں بتایا۔ سوڈانی رہ نما کے جواب میں کینیا کے وزیر خارجہ کوریر سنگھ اوئی نے رائیٹرز کو بتایا کہ وہ سوڈانی فوجی عہدیدار کے بیان پر کوئی تبصرہ نہیں کرتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ الزامات بے بنیاد ہیں اور ان کا ملک غیر جانبدار ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بات پر اصرار کرنے سے کہ پائیدار امن صرف کسی بھی ثالثی کے عمل میں سویلین فریقوں کو شامل کرنے اور مظالم کی روک تھام کا مطالبہ سوڈان میں کچھ لوگوں کے لیے قبول کرنا مشکل ہوسکتا ہے

بقیہ 52

بھارتی خاتون نے اسلام قبول کر کیا اپنا نام فاطمہ رکھ لیا ہے۔ ڈی آئی جی مالاکنڈ کے مطابق دونوں کا نکاح ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت میں ہوا جس کے بعد بھارتی خاتون کو پولیس کی نگرانی میں عدالت سکھر منتقل کر دیا گیا۔ خاتون نے اپنے بیان میں کہا کہ اپنی مرضی سے دوست نصراللہ کے پاس آئی ہوں، یہاں کے لوگ بہت مہمان نواز ہیں اور علاقہ بہت خوبصورت ہے۔ خاتون نے پہلی بار ویڈیو بیان بھی جاری کیا ہے، جس میں انہوں نے کہا کہ 'قانونی طریقے سے پاکستان آئی ہوں، یہاں خود کو محفوظ سمجھتی ہوں، میڈیا والے میرے بچوں اور رشتے داروں کو پریشان نہ کریں، جو بات کرنی ہے مجھ سے کریں، قانونی طریقے سے پلاننگ کے ساتھ پاکستان آئی ہوں'۔ بھارتی خاتون انجو نے عدالت میں اپنا بیان حلفی بھی جمع کرا دیا ہے، جس میں انجو کا کہنا ہے کہ میرا سابق نام انجو تھا اور میرا تعلق عیسائی مذہب سے تھا، میں نے خوشی اور اپنی مرضی سے دین اسلام قبول کیا ہے۔ بیان حلفی میں انجو نے مؤقف اختیار کرتے ہوئے بتایا ہے کہ کسی کی جانب سے زبردستی نہیں، میں نصراللہ کو پسند کرتی ہوں، نصراللہ کے لیے ہی بھارت سے پاکستان آئی ہوں، 10 تولہ سونا حق مہر رکھا گیا ہے، نصراللہ میرا شرعی اور قانونی شوہر ہے۔

بقیہ 53

کر پولیس کو اطلاع کی تو پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش قبضہ میں لیکر تفتیش شروع کردی۔

بقیہ 54

اے ڈبلیو ایچ او عزت اللہ خان ودیگر آفسران نے شرکت کی ہے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر زکیہ نعمت نے بتایا کہ یکم سے 5 اگست تک انسداد پولیو مہم جاری رہے گی۔ رواں سال فروری میں صرف ایک کیس ضلع خیبر کے پی کے سے رپورٹ ہوا اور 5 کیس افغانستان سے رپورٹ ہوئے ہیں صوبائی سطح پر کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے تاہم لورالائی ڈویژن میں لئے گئے نمونوں میں تھریٹ موجود ہیں ہمارے سرحد مختلف اضلاع کے علاوہ پنجاب اور کے پی کے سے بھی ملتا ہے یہاں سے خانہ بدوش بھی آتے ہیں اس لئے بار ڈرایریا پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی نے اس موقع پر کہا کہ پولیو ایک مہلک بیماری ہے جس کا تدارک قطرے پلانے سے ممکن ہے اور بار بار قطرے پلانے سے اس مرض میں نہایت کمی آئی ہے اور اپنی بہتر حکمت عملی اور محنت سے اس مرض کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے جس کے ہم قریب بھی ہیں۔

بقیہ 55

قرضہ رول اوور کیلئے از سرنو شرائط وضوابط کی منظوری دیدی۔ حکومتی ذرائع کے مطابق قرضے پر پاکستان کو اضافی سود ادا نہیں کرنا پڑے گا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق پاکستان اصل معاہدے کے مطابق چین کو قرضے کی رقم ادا کرے گا، تمام 31 قرض معاہدوں کی مدت میں 21 جولائی 2023 سی 30 جون 2025 تک توسیع کردی گئی

بقیہ 56

1122 خیبر کے مطابق تربیت کا مقصد ریسکیو اہلکاروں کی استعداد کار میں مزید بہتری لانا ہے

بقیہ 57

حکام کا کہنا تھا کہ نیا کروز میزائل کم اونچائی تک پرواز کرنے اور ریڈار سے بچنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ جوہری میزائل ابو مہدی مختلف اقسام کے بحری جہاز اور فریگیٹ کو تباہ کرسکتا ہے۔ میزائل کو فکس اور موبائل لانچر سے فائر کیا جاسکتا ہے۔ کروز میزائل بحریہ کے حوالے کرنے کی تقریب سے خطاب میں ایران کے ریئر ایڈمرل علی رضا کا کہنا تھا کہ نیا میزائل دشمن کو ایران کے ساحلوں سے دور رکھنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 58

کہ عمرہ ویزے میں انشورنس کی فیس شامل ہے، عمرہ انشورنس پالیسی میں ہنگامی صحت مسائل، کووڈ 19، عام حادثات، موت، اور فضائی سفر میں تاخیر یا منسوخی سے پیدا ہونے والے مسائل کور کیے گئے ہیں۔ اس حوالے سے عمرہ انشورنس پالیسی میں مکمل طور پر معذوری، عارضی معذوری، موت کا باعث بننے والے عارضی حالات، قدرتی آفات سے موت، متوفی کی میت لے جانے، عدالتی فیصلے سے مقرر کی جانے والی دیت شامل ہے

بقیہ 59

بھگایا تھا؟ یا انجو کو ہم نے بلایا ہے؟۔ خیال رہے کہ سیما حیدر نامی پاکستانی خاتون بھارتی نوجوان کی محبت میں اپنے چار بچوں کے ہمراہ انڈیا پہنچ گئی تھی۔ سیما حیدر دو ممالک سے ہوتی ہوئی انڈیا پہنچی اور اب دونوں شادی بھی کر چکے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ سیما حیدر نے بھارت پہنچنے کے بعد اپنا مذہب اور نام بھی بدل لیا ہے اور واپس پاکستان نہیں آنا چاہتی۔ جب کہ ایک انجو نامی بھارتی خاتون بھی رواں ہفتے پاکستان پہنچی ہے جس نے گذشتہ روز دیر بالا میں پاکستانی نوجوان نصراللہ سے نکاح کرلیا تھا۔ مالاکنڈ ڈویژن کے ڈی آئی جی ناصر محمود ستی نے انجو اور نصراللہ کے نکاح کی تصدیق کی اور بتایا کہ بھارتی خاتون نے اسلام قبول کر کیا اپنا نام فاطمہ رکھ لیا ہے ڈی آئی جی مالاکنڈ کے مطابق دونوں کا نکاح ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت میں ہوا جس کے بعد بھارتی خاتون کو پولیس کی نگرانی میں عدالت سکھر منتقل کر دیا گیا۔ خاتون نے اپنے بیان میں کہا کہ اپنی مرضی سے دوست نصراللہ کے پاس آئی ہوں، یہاں کے لوگ بہت مہمان نواز ہیں اور علاقہ بہت خوبصورت ہے۔ خاتون نے پہلی بار ویڈیو بیان بھی جاری کیا ہے جس میں انہوں نے کہا کہ 'قانونی طریقے سے پاکستان آئی ہوں، یہاں خود کو محفوظ سمجھتی ہوں، میڈیا والے میرے بچوں اور رشتے داروں کو پریشان نہ کریں، جو بات کرنی ہے مجھ سے کریں، قانونی طریقے سے پلاننگ کے ساتھ پاکستان آئی ہوں'۔ بھارتی خاتون انجو نے عدالت میں اپنا بیان حلفی بھی جمع کرا دیا ہے جس میں انجو کا کہنا ہے کہ میرا سابق نام انجو تھا اور میرا تعلق عیسائی مذہب سے تھا، میں نے خوشی اور اپنی مرضی سے دین اسلام قبول کیا ہے

بقیہ 60

ہار گئے، پولیس کے مطابق گاڑی میں سوار ایم پی اے اسلم ابڑو کے بھائی اکرم ابڑو اور بھتیجے شہریار ابڑو جاں بحق ہوئے۔ واقعے میں ارشاد علی پنہور اور عبداللہ ابڑو بھی شدید زخمی ہیں۔ زخمیوں کو جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ گاڑی میں ایم پی اے اسلم ابڑو موجود نہیں تھے۔ جائے وقوعہ سے مختلف ہتھیاروں کے خول ملے ہیں، فائرنگ سے گاڑی کی ونڈ اسکرین اور اطراف میں لگ بھگ دو درجن سے زائد گولیاں لگی ہیں۔ اسلم ابڑو کی گاڑی پر فائرنگ کرنے والے ملزمان فرار ہوگئے۔ پولیس نے مختلف پہلوؤں سے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ جلد ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے دائرے میں لائیں گے۔ تاحال واقعے پر اسلم ابڑو کی جانب سے کوئی موقف سامنے نہیں آیا۔

پاکستان میں 40 فیصد سے زائد بچے غذائی قلت کا شکار ہیں، غذائیت کا مسئلہ ہمارے لئے چیلنج تھا، احسن اقبال

ہم آئندہ تین سالوں میں ملک میں زیرو ہیپاٹائٹس پر چلے جائیں کیونکہ پاکستان میں ہر تیسرا فرد اس مرض کا شکار ہو چکا ہے

ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے مستقل بنیادوں پر کام کیا جاسکے، ہم ملک سے غربت اور ناہمواری کو کیسے ختم کر سکتے ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی واصلاحات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان میں 40 فیصد سے زائد بچے غذائی قلت کا شکار ہیں اور ہمیشہ سے غذائیت کا مسئلہ ہمارے لئے ایک چیلنج تھا، ہم نے جب 2014 میں وژن 2025 ترتیب دیا تو اس کے اندر پائیدار ترقی کے اہداف جو 2015 میں لانچ ہوئے تھے، ہمارا ہدف ہے کہ ہم آئندہ تین سالوں میں ملک میں زیرو ہیپاٹائٹس پر چلے جائیں کیونکہ پاکستان میں ہر تیسرا فرد اس مرض کا شکار ہو چکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو فیوچرائی کا مرکزی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیشہ سے غذائیت کا مسئلہ ہمارے لئے ایک چیلنج تھا، ہم نے جب 2014 میں وژن 2025 ترتیب دیا تو اس کے اندر پائیدار ترقی کے اہداف جو 2015 (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد: سعودی عرب، یو اے ای اور قطر پاکستان میں بڑی سرمایہ کاری کرینگے: سابق سعودی سفیر

دہشتگردوں کو واضح پیغام دیدیا، صوبہ کا امن تباہ نہیں ہونے دیں گے، وزیر اعلیٰ KPK

ایف سی گاڑی پر حملہ، باڑہ تحصیل پر حملہ میں پولیس اور سیکورٹی اہلکاروں نے جانوں کی قربانیاں دیں، علی مسجد کا واقعہ بھی افسوس ناک

سیکورٹی صورت حال کے حوالے سے وزیر اعلیٰ محمد اعظم خان کی سربراہی میں اجلاس ہوا، اجلاس میں تفصیل کے ساتھ سیکورٹی صورتحال پر گفتگو کی گئی

پشاور (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد اعظم خان نے کہا ہے کہ دہشتگردوں کو واضح پیغام دیدیا کہ صوبہ کا امن تباہ نہیں ہونے دیں گے۔ سیکورٹی صورت حال کے حوالے سے وزیر اعلیٰ محمد اعظم خان کی سربراہی میں اجلاس ہوا، اجلاس میں تفصیل کے ساتھ سیکورٹی صورتحال پر گفتگو کی گئی، دہشت گردانہ واقعات کی پر زور الفاظ میں مذمت کی گئی، اجلاس میں کہا گیا کہ دہشت گردوں کو واضح پیغام دیا گیا ہے کہ صوبے کے امن کو تباہ نہیں ہونے دیں گے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ایف سی گاڑی پر حملہ، باڑہ تحصیل پر حملہ میں پولیس اور سیکورٹی اہلکاروں نے جانوں کی قربانیاں دیں، علی مسجد کا واقعہ بھی افسوس ناک ہے جس میں بہادر جوان عدنان آفریدی کی شہادت ہوئی ہے، پختون قوم نے بہادری اور جوانمردی کے ساتھ حالات کا مقابلہ کیا ہے۔ عسکری قیادت اور پولیس (بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی رہنما اور وفاقی وزیر شیری رحمان گفتگو کر رہی ہیں

سابق ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ودیگر کے خلاف کرپشن کا مقدمہ درج

ٹورازم ہائی وے کے روٹ کو تبدیل کر کے سیاسی رہنما کے گھر اور زمینوں کے پاس سے گزارا گیا

مقدمہ درج کر کے نامزد ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں، اینٹی کرپشن حکام

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) کہوٹہ، کوٹلی ستیاں کے علاقے میں ٹورازم ہائی وے کے مجوزہ منصوبے میں مبینہ ردوبدل کے معاملے پر اینٹی کرپشن راولپنڈی میں سابق ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی واثق قیوم، ایم پی اے میجر ریٹائرڈ لطاسب ستی و پنجاب ہائی وے کے ایکسین سمیت متعلقہ حکام کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مقدمہ کہوٹہ کے رہائشی شکیل احمد کی مدعیت میں درج کیا گیا جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ کہوٹہ کوٹلی ستیاں کے علاقے میں سڑک جس کو ٹورازم ہائی وے کا نام دیا گیا ہے کے (بقیہ نمبر 27)

بغاوت پر اکسانے کا کیس، مسلسل عدم حاضری پر شہباز گل اشتہاری قرار

عدالت نے چیئرمین نادرا کو رہنما پی ٹی آئی کا شناختی کارڈ بلاک کرنے کا حکم بھی دیا تھا

ایف آئی اے اور نادرا نے شہباز گل کی جائیدادوں سے متعلق رپورٹ عدالت میں جمع کرائی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) شہباز گل کو اشتہاری قرار دے دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں بغاوت پر اکسانے کے کیس کی سماعت ہوئی، ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے مسلسل عدم حاضری پر شہباز گل کو اشتہاری قرار دے دیا، جج طاہر عباس سپرا نے ریمارکس دیئے کہ شہباز گل کیخلاف اشتہاری کی کارروائی تب منسوخ ہو جب وہ ذاتی حیثیت میں پیش ہوں، شہباز گل 4 ہفتوں کا بتا کر ملک سے گئے تھے۔ انہوں نے چالاکیوں سے (بقیہ نمبر 28)


لاہور: استحکام پاکستان پارٹی کی ترجمان فردوس عاشق اعوان کانفرنس کر رہی ہیں

07 محرم الحرام مرکزی جلوس کیلئے راولپنڈی پولیس کے سیکورٹی انتظامات

2500 سے زائد افسران واہلکار سیکورٹی وٹریفک ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) 07 محرم الحرام مرکزی جلوس کے لیے راولپنڈی پولیس کے سیکورٹی انتظامات، راولپنڈی پولیس کے 2500 سے زائد افسران واہلکار سیکورٹی وٹریفک ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، ٹریفک پولیس کے 210 سے زائد افسران و اہلکار ٹریفک کے فرائض سرانجام دینگے، سیکورٹی اہلکاروں کے ساتھ رضا کار بھی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، محرم الحرام کے دوران مجموعی طور پر 6000 سے زائد افسران واہلکار سیکورٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں (بقیہ نمبر 34)

روس ایران کی مدد سے ڈرون تیار کرنے کی فیکٹری بنا رہا ہے، امریکہ

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی انٹیلی جنس نے انکشاف کیا ہے کہ روس ماسکو کے مشرق میں ایران کی مدد سے ڈرون تیار کرنے کے لیے ایک فیکٹری تعمیر کر رہا ہے، یہ اقدام یوکرین کی جنگ پر نمایاں اثر ڈال سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈیفنس انٹیلی جنس ایجنسی کے تجزیہ کاروں نے ایک بریفنگ کے دوران صحافیوں کے ایک چھوٹے سے گروپ (بقیہ نمبر 33)

اے سی گوجر خان میاں مراد حسین نیکو کارہ کا THQ ہسپتال گوجر خان کا دورہ

ایم ایس ڈاکٹر فرحت جمیلہ اور ڈاکٹر عامر کے ہمراہ تمام وارڈز کا تفصیلی جائزہ لیا

مریضوں سے فرداً فرداً گورنمنٹ کی جانب سے ملنے والی سہولیات کے متعلق دریافت کیا

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکو کارہ کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجر خان کا دورہ ایم ایس ڈاکٹر فرحت جمیلہ اور چائلڈ سپیشلسٹ ڈاکٹر محمد عامر نے انکو ہسپتال کے تمام وارڈز کا تفصیلی معائنہ کروایا اے سی گوجر خان نے اپنے اس تفصیلی دورے میں ہسپتال کے تمام وارڈز، او پی ڈی، گائنی وارڈ، لیبر روم، ایمرجنسی وارڈ، پرچی کاونٹر، فارمیسی، لیبارٹری، صحت کارڈ کاونٹر کو چیک کیا اور ہسپتال کے آپریشن تھیٹر میں جاری کام کا بھی معائنہ کیا اور کہا کہ تمام کام جلدی سے سرانجام دیے جائیں جبکہ پرچی کاونٹر کا بھی انھوں نے تفصیلی جائزہ لیا اور وہاں بھی جاری کام کو چیک کیا اور پرچی کاونٹر پر عملے تعداد چیک کی جبکہ انھوں نے ہسپتال کی گائنی وارڈ پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ گائنی وارڈ میں آئی خواتین کو جلد از جلد چیک کیا جائے تا کہ انکو زیادہ دیر انتظار نہ کرنا پڑے اس کے علاوہ انھوں نے ہسپتال کے ڈاکٹرز اور عملے کی حاضری کو بھی چیک کیا اور ہسپتال (بقیہ نمبر 32)

سعودی کابینہ کی ڈنمارک، سویڈن میں قرآن کی بے حرمتی کی مذمت

ریاض (نیوز ڈیسک) سعودی کابینہ نے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی سربراہی میں ایک اجلاس کے دوران ڈنمارک اور سویڈن میں اسلام کی توہین اور قرآن کی بے حرمتی کے واقعات کی سخت مذمت کی ہے۔ سعودی عرب کی خبر رساں ایجنسی کے مطابق سعودی کابینہ نے ان شرمناک حرکات کو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا (بقیہ نمبر 31)

میاں بیوی کو یرغمال بنانے والے دو ڈاکو پولیس مقابلے میں ہلاک

ملزمان کورنگی میں واقع ڈاؤ لیب میں ڈکیتی کی غرض سے داخل ہوئے تھے

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈاؤ لیب کورنگی میں ڈکیتی کی غرض سے داخل ہوکر میاں بیوی کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنانے والے دونوں ڈاکو پولیس کی فائرنگ سے ہلاک ہوگئے۔ کراچی کے علاقے کورنگی عوامی کالونی میں پولیس سے فائرنگ کے تبادلے میں 2 ڈاکو ہلاک اور پولیس اہلکار سمیت راہگیر زخمی ہوگئے۔ واقعے کی ویڈیو بھی وائرل ہوگئی ہے۔ ایس ایس پی کورنگی کے مطابق لاشوں اور پولیس اہلکار محمد بخش کو زخمی حالت میں اسپتال منتقل کر دیا ہے، اہلکار بلٹ پروف جیکٹ پہنا ہوا تھا جس وجہ سے گولی جان لیوا (بقیہ نمبر 29)

نگران حکومت کو منتخب حکومت کے اختیارات دینا آئین کا قتل ہے

نگران حکومت کے اختیارات کو کم کیا گیا مگر یہ کافی نہیں، بیرسٹر علی ظفر

اگر پارلیمنٹ نے ترامیم مسترد نہیں کیں تو 10 دن بعد سپریم کورٹ کر دے گی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) بیرسٹر علی ظفر کا کہنا ہے کہ نگران حکومت کو منتخب حکومت کے اختیارات دینا آئین کا قتل ہے۔ نگران حکومت کے اختیارات کو کم کیا گیا مگر یہ کافی نہیں ہے۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی سینیٹر بیرسٹر علی ظفر نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتخابی اصلاحات سے متعلق بعض اچھی ترامیم تھیں، کل کچھ ایسی ترامیم آئیں جو آئین کے تصور کو تبدیل کر رہی تھیں۔ نگران حکومت منتخب حکومت کی جگہ نہیں لے سکتی، جبکہ نگران حکومت کو مستقل سیٹ اپ نہیں دے سکتے۔ انکا کہنا تھا کہ انتخابی ترمیمی بل میں کی گئی ترامیم کافی نہیں ہیں، اگر پارلیمنٹ نے ترامیم مسترد نہیں کیں تو 10 دن بعد سپریم کورٹ کر دے گی۔ مستقبل میں اراکین پارلیمنٹ اس ترمیم پر سوالات اٹھائیں گے۔ پی ٹی آئی سینیٹر نے مزید کہا کہ نگران حکومت کو منتخب حکومت کے اختیارات دینا آئین کا قتل ہے۔ یاد رہے کہ نگران حکومت کے اختیارات کے معاملے پر حکومت اتحادیوں کو منانے میں (بقیہ نمبر 35)

ایس پی آپریشن مردان کا محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے حوالے سے مختلف علاقوں کا دورہ

پشاور (جنرل رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) مردان نجیب الرحمٰن کی خصوصی ہدایت پر ایس پی آپریشن روخانزیب نے موجودہ سکیورٹی خدشات کے پیش نظر مردان کے مرکزی امام بارگاہ اور پولیس چوکی سری بہلول، چوکی مدبابا (پڑاؤ) اور چوکی اکبر بانڈہ کا دورہ کیا۔ انہوں نے محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے حوالے سے امام بارگاہ کی سکیورٹی کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر تعینات پولیس جوانوں سے فرداً فرداً ملاقات کی۔ انہوں نے سکیورٹی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام (بقیہ نمبر 36)

چیئرمین پی ٹی آئی کی ہمشیرہ عظمیٰ خان کی اراضی سکینڈل میں 31 اگست کو دوبارہ طلبی

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) جج اینٹی کرپشن فیصل آباد محمد اسلم بھٹی نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین پی ٹی آئی کی ہمشیرہ عظمیٰ خان کو اراضی سکینڈل میں 31 اگست کو دوبارہ طلب کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اینٹی کرپشن ریجن میں ضلع جھنگ میں کروڑوں روپے مالیت کی اراضی اپنے نام منتقل کروانے کے الزام میں پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان کی ہمشیرہ عظمیٰ خان کے (بقیہ نمبر 37)

پشاور میں ماتمی جلوسوں کے پرامن انعقاد کیلئے شہر کی سکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے، ایس ایس پی آپریشنز

پشاور (سٹاف رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز پشاور ہارون رشید خان نے کہا ہے کہ ماتمی جلوسوں کے پرامن انعقاد کیلئے شہر کی سکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے۔ کیپٹل سٹی پولیس پشاور کی جانب سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ اندرون شہر کے تمام داخلی راستوں پر خاردار تاریں، رکاوٹیں اور قنات لگا کر بند کر دیا گیا۔ ماتمی جلوسوں کی تمام روٹس کی سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ کا عمل مزید سخت (بقیہ نمبر 38)

مون سون بارشوں کی تباہ کاریاں، ملک بھر میں 150 افراد جاں بحق

62 مرد، 25 خواتین اور 63 بچے شامل ہیں، سب سے زیادہ 66 اموات پنجاب میں رپورٹ ہوئیں

حالیہ بارشوں سے ملک بھر میں کل 233 افراد زخمی ہوئے، زخمیوں میں 99 مرد، 62 خواتین اور 72 بچے شامل ہیں

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) حالیہ مون سون بارشیں شدید مالی و جانی نقصان کا باعث بنیں، 25 جون سے اب تک ملک بھر میں 150 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ رپورٹ کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں 62 مرد، 25 خواتین اور 63 بچے شامل ہیں، سب سے زیادہ 66 اموات پنجاب میں رپورٹ ہوئیں، خیبر پختونخوا سے 41، بلوچستان سے 6 اموات رپورٹ ہوئیں۔ علاوہ ازیں سندھ میں 15، آزاد کشمیر میں 6 اور گلگت بلتستان میں 5 افراد زندگی کی بازی ہار گئے، مون سون سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 11 افراد ہلاک ہوئے۔ حالیہ بارشوں سے ملک بھر میں کل 233 افرا (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: محکمہ موسمیات کا اجلاس منعقد، اجلاس کے مناظر

سپریم کورٹ آف پاکستان
Supreme Court
Pakistan
اسلام آباد: چیئرمین پی ٹی آئی کی توشہ خانہ فوجداری کیس کا ٹرائل روکنے کی استدعا مسترد

کراچی: سی ویو روڈ پر گاڑی سے لاش برآمد، خط بھی ملا

موت سے قبل متوفی نے بہنوئی کو لوکیشن بھی بھیجی، میری موت کا کسی کو ذمہ دار نہ ٹھہرایا جائے

کراچی (اسپیشل رپورٹر) کراچی میں سی ویو روڈ پر گاڑی سے ایک شخص کی لاش ملی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لاش کے ساتھ گاڑی سے ایک خط بھی ملا ہے۔ ڈیفنس کے علاقے سی ویو میں درخشاں پولیس چوکی کے قریب کار کے اندر سے لاش برآمد ہوئی۔ ابتدائی تحقیقات میں بتایا گیا ہے کہ مذکورہ شخص کی ہلاکت گولی لگنے سے ہوئی۔ لاش کے پاس سے پستول بھی ملا ہے۔ ہلاک ہونے والے شخص کی شناخت 35 سالہ عمر اقبال کے نام سے ہوئی۔ پولیس کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ عمر نے خودکشی سے قبل بہنوئی کو لوکیشن بھیجی۔ بہنوئی نے عمر کے بھائی کو بتایا جو دی گئی لوکیشن پر پولیس کے ساتھ پہنچا، (بقیہ نمبر 39)

ڈپٹی کمشنر پشاور کا ریسکیو 1122 کے دفاتر اور کنٹرول روم کا دورہ

پشاور (کرائم رپورٹر) ڈپٹی کمشنر پشاور شاہ فہد نے ریسکیو 1122 کے دفاتر اور کنٹرول روم کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریلیف) محمد عمران خان، اسسٹنٹ کمشنر راؤ ہاشم (بقیہ نمبر 40)

دبئی میں طلباء نے شمسی توانائی پر بغیر ڈرائیور چلنے والی کار بنالی

نمائش کے لیے رکھی گئی گاڑی جلد ہی سڑکوں پر دوڑتی نظر آنے کی امید ظاہر کر دی گئی

دبئی (نیوز ڈیسک) متحدہ عرب امارات کی ریاست دبئی میں طالب علموں نے شمسی توانائی پر بغیر ڈرائیور چلنے والی کار بنالی۔ دی نیشنل نیوز کے مطابق دبئی میں کینیڈین یونیورسٹی کے طلباء نے شمسی توانائی سے چلنے والی ڈرائیور لیس کار تیار کی ہے، جسے ٹی واک میں اس کے کیمپس کی دو عمارتوں کے درمیان نقل وحمل کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے، اس ایجاد کیلئے انڈر گریجویٹ انجینئرز نے (بقیہ نمبر 41)

وزیراعظم سے MQM قیادت کی ملاقات، کے الیکٹرک کیخلاف شکایات کے انبار لگا دیئے

ایم کیو ایم قیادت نے شہباز شریف سے کہا کہ کے الیکٹرک کی اوور بلنگ سے کراچی کے شہریوں میں لاوا پک رہا ہے

وزیراعظم نے ایم کیو ایم کی درخواست پر فوری اقدام کرتے ہوئے وفاقی وزیر توانائی خرم دستگیر کو کراچی میں کے الیکٹرک کیساتھ اجلاس کا حکم دے دیا

شہباز شریف نے ایم کیو ایم وفد کو یقین دلایا کہ نگران حکومت کے معاملے پر ن لیگ کمیٹی، مردم شماری پر وفاقی وزارت کے حکام سے بات چیت ہوگی

کراچی (اسپیشل رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف سے متحدہ قومی موومنٹ) ایم کیو ایم (کی قیادت نے اہم ملاقات کی، ملاقات میں انہوں نے کے الیکٹرک کیخلاف شکایات کے انبار لگا دیئے۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم اور ایم کیو ایم وفد میں مجموعی سیاسی صورتحال پر بات چیت کی گئی، ایم کیو ایم قیادت نے شہباز شریف سے کہا کہ کے الیکٹرک کی اوور بلنگ سے کراچی کے شہریوں میں لاوا پک رہا ہے۔ وزیراعظم نے ایم کیو ایم کی درخواست پر فوری اقدام کرتے ہوئے وفاقی وزیر توانائی خرم دستگیر کو کراچی میں کے الیکٹرک کیساتھ اجلاس کا حکم دے دیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ خرم دستگیر پیر کو ایم کیو ایم اور کے الیکٹرک حکام کے ساتھ اجلاس کریں۔ ملاقات کی اندرونی کہانی ایم کیو ایم قیادت کو وزیراعظم شہباز شریف نے منگل کے روز اسلام آباد مدعو کرلیا، اسلام آباد میں ایم کیو ایم وفد کی مختلف وزارتوں کیکام سے بھی الگ الگ ملاقاتیں ہوں گی۔ ایم کیو ایم نے وزیراعظم سے مطالبہ کیا کہ ساتویں قومی خانہ و مردم (بقیہ نمبر 44)

گھریلو ملازمہ پر مبینہ تشدد کا معاملہ، اسلام آباد پولیس ملزمہ تک پہنچنے میں ناکام

سول جج کے والد نے آج شام تک معاملات نمٹانے کی یقین دہانی کرائی ہے، پولیس

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سول جج کی اہلیہ کا گھریلو ملازمہ پر مبینہ تشدد کا معاملہ، اسلام آباد پولیس ملزمہ تک پہنچنے میں ناکام ہوگئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سول جج عاصم حفیظ کے والد نے اسلام آباد پولیس سے رابطہ کیا ہے، پولیس نے کہا کہ سول جج کے والد نے آج شام تک معاملات نمٹانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ سول جج کی اہلیہ نے ابھی تک ضمانت نہیں کرائی، پولیس نے سول جج کے اسلام آباد والے گھر کے باہر اہلکار تعینات کر دیئے۔ جبکہ متاثرہ لڑکی کے والد نے وفاقی پولیس پر دباؤ ڈالنے کا الزام لگا دیا۔ ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا کہ متاثرہ لڑکی کے والد نے کہا کہ پولیس کی جانب سے کیس واپس لینے کیلئے دباؤ ڈالا جا رہا ہے تاہم پولیس نے دباؤ کے تمام الزامات مسترد کرتے ہوئے کہا کہ کیس کی تفتیش میرٹ پر کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب 14 سالہ لڑکی کی میڈیکل رپورٹ پنجاب حکومت کو جمع کرا دی گئی ہے، جنرل اسپتال لاہور کے 12 رکنی میڈیکل بورڈ نے رپورٹ جمع کرائی۔ میڈیکل (بقیہ نمبر 43)

فیصل آباد کا نواحی علاقہ 50 ہزار آبادی کا شہر بچیانہ عطائیوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) محکمہ صحت جڑانوالہ کی جانب سے غیر رجسٹرڈ میڈیکل سٹوروں کو غریب عوام کی جانوں سے کھیلنے کی لیے کھلی چھٹی دے دی گئی، تمام سٹور مالکان پریکٹس کرتے ہوئے لوگوں کو موت کے منہ میں دھکیلنے لگے، مبینہ طور پر منتھلیوں کی بنا پر محکمہ صحت نے چپ سادھ لی، تفصیلات کے مطابق فیصل آباد کا نواحی علاقہ 50 ہزار آبادی کا (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد: پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں سینیٹر رضا ربانی گفتگو کر رہے ہیں

مبینہ تشدد کا نشانہ بننے والی کمسن ملازمہ کی حالت تشویشناک ہوگئی

تشدد کے باعث بچی کے جسم میں خون کی گردش نہیں ہو رہی، جگر بھی شدید متاثر

انفیکشن کی وجہ سے لڑکی کا بلڈ پریشر گرتا جارہا ہے، میڈیکل رپورٹ پنجاب حکومت کو جمع کرادی گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) گھریلو ملازمہ پر تشدد کے معاملے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، 14 سالہ لڑکی کی میڈیکل رپورٹ پنجاب حکومت کو جمع کرادی گئی ہے۔ جنرل اسپتال لاہور کے 12 رکنی میڈیکل بورڈ نے رپورٹ جمع کرادی۔ میڈیکل رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ تشدد کے باعث بچی کے جسم میں خون کی گردش نہیں ہو رہی۔ تشدد کی وجہ سے لڑکی کا جگر شدید متاثر ہوا ہے۔ انفیکشن کی وجہ سے لڑکی کا بلڈ پریشر گرتا جارہا ہے۔ میڈیکل رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ لڑکی کے دونوں بازو فریکچر ہیں، تشدد سے آنکھیں بھی متاثر ہوئیں۔ لڑکی کو حالت بہتر ہونے تک آئی سی یو میں رکھا جائے گا۔ لڑکی کا بلڈ (بقیہ نمبر 45)

عام انتخابات میں، مرکز اور پنجاب میں پیپلز پارٹی کامیابی حاصل کرے گی؛ طارق سعید جٹ

جاتی امراء (اسپیشل رپورٹر) عام انتخابات میں، مرکز اور پنجاب میں پیپلز پارٹی کامیابی حاصل کرے گی؛ طارق سعید جٹ، اگلے وزیر اعظم بلاول بھٹو زرداری ہونگے، سیاسی ٹرینڈ بتا رہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی عوام میں مقبولیت بڑھ رہی ہے، اور انشاء اللہ پی پی الیکشن میں کامیابی حاصل کرے گی، عمران نیازی تحریک انتشار نے ملک کو کھوکھلا کر دیا (بقیہ نمبر 47)

190 ملین پاؤنڈ اسکینڈل اور توشہ خانہ کیس

عمران خان اور بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں توسیع

31 جولائی کو عبوری ضمانت پر حتمی دلائل ہوں گے، احتساب عدالت کے ریمارکس

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) 190 ملین پاؤنڈ اسکینڈل، عدالت نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق احتساب عدالت میں 190 ملین پاؤنڈ اسکینڈل اور توشہ خانہ کیسز کی سماعت ہوئی، جج محمد بشیر نے کیسز کی سماعت کی۔ بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ خواجہ حارث سپریم کورٹ میں مصروف تھے اور پھر انہوں نے ہائیکورٹ جانا ہے۔ ڈپٹی پراسیکوٹر نیب سردار مظفر نے کہا کہ یہ ہر تاریخ پر یہی کہتے ہیں، عبوری ضمانت کا کیس ہے۔ جج نے ریمارکس دیئے کہ انہیں کل کی تاریخ دے دیں۔ بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ کل ہائیکورٹ جانا ہے، سپریم کورٹ کی ڈائریکشن آ گئی ہے۔ آگے چھٹیاں ہیں، چھٹیوں کے بعد کی تاریخ دے دیں۔ بشریٰ بی بی کی جانب سے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی گئی جسے عدالت نے منظور کر لیا۔ احتساب عدالت نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی 31 جولائی تک عبوری ضمانت میں توسیع کر دی، عدالت نے قرار دیا کہ 31 جولائی کو عبوری ضمانت پر حتمی دلائل ہوں گے۔ دوسری جانب سپریم کورٹ نے توشہ خانہ فوجداری کیس کا ٹرائل روکنے کی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی استدعا مسترد کر دی ہے، عدالت نے توشہ خانہ فوجداری کیس (بقیہ نمبر 49)

عوام کی فلاح وبہبود کیلئے آصف زرداری کی انتھک محنت متاثر کن ہے، شیری رحمان

18 ویں متفقہ ترمیم پاس کر کے صوبوں کو حقوق اور اختیار واپس دیے، صدر زرداری نے صدارتی اختیارات پارلیمان کو منتقل کر دیئے

ملک اور عوام کیلئے صدر زرداری نے نمایاں خدمات انجام دی ہیں، آصف علی زرداری نے پاکستان کھپے کا نعرہ لگا کر ملک کو ٹوٹنے سے بچایا

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان پیپلز پارٹی) پی پی پی (کی رہنما اور وفاقی وزیر شیری رحمان نے کہا ہے کہ عوام کی فلاح و بہبود کیلئے سابق صدر زرداری انتھک محنت واقعی متاثر کن ہے۔ سابق صدر آصف زرداری کی سالگرہ کے موقع پر سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ آصف علی زرداری کے جنم دن کے موقع پر ان کو اور کے خاندان کو دلی مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا ملک اور عوام کیلئے صدر زرداری نے نمایاں خدمات انجام دی ہیں، آصف علی زرداری نے پاکستان کھپے کا نعرہ لگا کر ملک کو ٹوٹنے سے بچایا، 18 ویں متفقہ ترمیم پاس کر کے صوبوں کو حقوق اور اختیار واپس دیے، صدر زرداری نے صدارتی اختیارات پارلیمان کو منتقل کر دیے۔ شیری رحمان نے مزید کہا کہ صدر زرداری کی قیادت اور کاوشوں نے سیاسی منظر نامے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے، صدر زرداری کی لمبی عمر، صحت اور خوشیوں کیلئے دعا گو ہیں۔ 18 ویں متفقہ ترمیم پاس کر کے صوبوں کو حقوق اور اختیار واپس دیے، (بقیہ نمبر 50)

سوڈانی فوج کی کینیا پر منحرف سریع الحرکت فورسز کی حمایت کا الزام

خرطوم (نیوز ڈیسک) سوڈانی فوج کے ایک سینئر کمانڈر نے پڑوسی ملک کینیا کی اس تجویز کو مسترد کر دیا ہے جس میں اس نے کہا تھا کہ وہ سوڈان میں 100 سے زائد دنوں سے جاری خانہ جنگی ختم کرنے کے لیے امن فوجی دستے بھیج (بقیہ نمبر 51)

پراپرٹی کے تنازعے پر فائرنگ، 22 سالہ نوجوان قتل

پولیس ذرائع کے مطابق رانا ناصر اور مقتول محمد علی کے درمیان پراپرٹی کا تنازعہ چل رہا

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے ڈیفنس میں پراپرٹی کے تنازعے پر 22 سالہ نوجوان کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق رانا ناصر اور مقتول محمد علی کے درمیان پراپرٹی کا تنازعہ چل رہا تھا۔ محمد علی نے کالا خطائی روڈ پر ملزم رانا ناصر کو جگہ فروخت کی تھی جس کی ادائیگی رانا ناصر کی جانب سے نہیں کی گئی تھی اور محمد علی نے عدالت سے سٹے لے رکھا تھا۔ اسی دوران ملزم نے (بقیہ نمبر 46)

فیصل آباد سول ہسپتال کے قریب کار سوار شہری نے شور مچا کر اغواء کی واردات ناکام بنادی

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) فیصل آباد سول ہسپتال کے قریب کار سوار شہری نے شور مچا کر اغواء کی واردات ناکام بنادی، مدینہ ٹاؤن کے رہائشی کار سوار فواد مقبول نے بتایا کہ سوساں روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے روکا اور گن (بقیہ نمبر 48)

فیصل آباد گھریلو معاشی حالات سے تنگ نوجوان نے گلے میں پھندہ ڈال کر پنکھے سے لٹک کر خودکشی کرلی

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد گھریلو معاشی حالات سے تنگ نوجوان نے گلے میں پھندہ ڈال کر پنکھے سے لٹک کر خودکشی کر لی۔ بتایا جاتا ہے کہ غلام محمد آباد کے علاقہ ڈوگر چوک کا رہائشی شرافت ولد نواز معاشی وگھریلو حالات سے پریشان تھا اور گزشتہ روز گلے میں پھندہ ڈال کر چھت سے لٹک گیا اہل خانہ نے چھت سے لٹکتی نعش کو دیکھ (بقیہ نمبر 53)

وہ ہمارے لیے مر گئی، پاکستان آئی انجو کے والد پھٹ پڑے

بھارتی حکومت سے بیٹی کو پاکستان سے واپس لانے کی اپیل نہیں کروں گا، گایا پرساد تھامس

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان آنے والی خاتون انجو کے والد گایا پرساد تھامس کا کہنا ہے کہ وہ ہمارے لیے مر گئی ہے۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح وہ اپنے دو بچوں اور شوہر کو پیچھے چھوڑ کر بھاگی ہے اس نے اپنے بچوں تک کا نہیں سوچا۔ پردیش کے ضلع گوالیار کے رہائشی گایا پرساد تھامس کا کہنا ہے کہ انجو کو یہی کرنا تھا تو پہلے اپنے شوہر سے طلاق لیتی، اب وہ ہمارے لیے مر گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ بھارتی حکومت سے بیٹی کو پاکستان سے واپس لانے کی اپیل بھی نہیں کریں گے، میں درخواست کروں گا اسے اُدھر ہی مرنے دیں۔ انجو نے شوہر اور بچوں کا مستقبل بھی برباد کر دیا ہے۔ بھارت سے آئی خاتون انجو نے گذشتہ روز دیر بالا میں پاکستانی نوجوان نصر اللہ سے نکاح کر لیا تھا۔ مالاکنڈ ڈویژن کے ڈی آئی جی ناصر محمود ستی نے انجو اور نصر اللہ کے نکاح کی تصدیق کی اور بتایا کہ (بقیہ نمبر 52)

لاہور: لاہور میں موسلا دھار بارش، نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہونے سے شہریوں کو مشکلات

کوئٹہ: بلوچستان میں بارشوں نے تباہی مچادی، 7 افراد جاں بحق، سیکڑوں گھر تباہ، تصویری مناظر

کمشنر لورالائی ڈویژن کی زیر صدارت ڈویژنل ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو مہم کا اجلاس

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی کی زیر صدارت ڈویژنل ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو مہم کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ایریا کوآرڈینیٹر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر ذکیہ نعمت، این سٹاف آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان، پی ڈی (بقیہ نمبر 54)

ریسکیو 1122 خیبر کا ریسکیو اہلکاروں کیلئے تربیتی سیشن کا انعقاد

تربیت کا مقصد ریسکیو اہلکاروں کی استعداد کار میں مزید بہتری لانا ہے، ترجمان ریسکیو

پشاور (جنرل رپورٹر) ریسکیو 1122 خیبر کے ٹریننگ ونگ انچارج ڈاکٹر وکیل شاہ نیاڑہ سٹیشن 22 میں ریسکیو اہلکاروں کیلئے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے بارے تربیتی سیشن کا انعقاد کیا۔ ترجمان ریسکیو 1122 خیبر کے مطابق تربیت کا مقصد ریسکیو اہلکاروں کی استعداد کار میں مزید بہتری لانا ہے۔ ریسکیو 1122 خیبر کے ٹریننگ ونگ انچارج ڈاکٹر وکیل شاہ نیاڑہ سٹیشن 22 میں ریسکیو اہلکاروں کیلئے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے بارے تربیتی سیشن کا انعقاد کیا۔ ترجمان ریسکیو (بقیہ نمبر 56)

کروز میزائل ابو مہدی ایران کی بحریہ کے حوالے

تہران (نیوز ڈیسک) ایران میں مقامی طور پر تیار کیا گیا کروز میزائل ایرانی بحریہ کے حوالے کر دیا گیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق کروز میزائل ایک ہزار کلومیٹر کے فاصلے تک ہدف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ کروز میزائل ابو مہدی میں مصنوعی ذہانت کا استعمال کیا گیا ہے۔ ایرانی دفاعی (بقیہ نمبر 57)

بیرون ممالک سے آنے والے عمرہ زائرین کیلئے انشورنس پالیسی حاصل کرنا ضروری قرار

مکہ مکرمہ (نیوز ڈیسک) سعودی وزارت حج وعمرہ نے کہا ہے کہ بیرون ممالک سے آنے والے عمرہ زائرین کے لیے انشورنس پالیسی حاصل کرنا ضروری ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی وزارت حج وعمرہ کا مزید کہنا تھا (بقیہ نمبر 58)

سیما حیدر اور انجو کا معاملہ مشترکہ ایوان میں پہنچ گیا

سیما حیدر کو کیا ہم نے بھگایا تھا؟ یا انجو کو ہم نے بلایا ہے، ریاست ہمیں تحفظ دے، سینیٹر دنیش کمار

سندھ کے ڈاکو ہمیں دھمکیاں دے رہے ہیں کہ سیما حیدر کو واپس لائیں ورنہ آپ لوگ بھی بھارت چلے جائیں

اسلام آباد (خبر نگار) سیما حیدر اور انجو کا معاملہ مشترکہ ایوان میں پہنچ گیا۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے دوران سینیٹر دنیش کمار کا کہنا ہے کہ سیما حیدر پاکستان سے بھارت گئی مگر دھمکیاں ہمیں مل رہی ہیں۔ سندھ کے ڈاکو ہمیں دھمکیاں دے رہے ہیں کہ سیما حیدر کو واپس لائیں۔ ڈاکو کہتے ہیں کہ سیما کو واپس نہیں لا سکتے تو پھر آپ لوگ بھی بھارت چلے جائیں میرے پاس دھمکی آمیز ویڈیو بھجوائی گئی ہے، ہم پاکستان کے پرچم کا سفید حصہ ہیں۔ اس دھرتی کے لیے ہم نے بھی قربانیاں دی ہیں۔ سینیٹر دنیش کمار نے مزید کہا کہ ریاست کا کام ہے کہ ہمیں تحفظ دیا جائے۔ سیما حیدر کو کیا ہم نے (بقیہ نمبر 59)

پی ٹی آئی کے منحرف رہنما کی گاڑی پر فائرنگ، بھائی اور بھتیجا جاں بحق

منحرف رکن سندھ اسمبلی اسلم ابڑو گاڑی میں موجود نہیں تھے، واقعے میں دو افراد زخمی بھی ہوئے

کراچی (اسپیشل رپورٹر) کراچی کے علاقے ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی میں قیوم آباد کے قریب کار پر فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد زخمی اور دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق گاڑی میں رکن صوبائی اسمبلی اسلم ابڑو کی فیملی سوار تھی۔ رکن سندھ اسمبلی اسلم ابڑو کی گاڑی پر فائرنگ کے نتیجے میں ان کے بھائی سمیت 4 افراد زخمی ہوئے تھے بعد ازاں زخمیوں میں سے دو افراد جان کی بازی (بقیہ نمبر 60)

چین نے پاکستان کیلئے 2 ارب 10 کروڑ ڈالر قرض کی ادائیگی موخر کرنے کی منظوری دیدی

تمام 31 قرض معاہدوں کی مدت میں 21 جولائی 2023 سی 30 جون 2025 تک توسیع کر دی گئی

چین نے پاکستان کیلئے قرضہ دو سال کیلئے موخر کیا ہے، چین کے ایگزم بینک نے باضابطہ طور پر پاکستان کو خط لکھ کر آگاہ کر دیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) چین نے پاکستان کیلئے 2 ارب 10 کروڑ ڈالرز قرض کی ادائیگی موخر کرنے کی منظوری دیدی۔ ذرائع کے مطابق چین نے پاکستان کیلئے قرضہ دو سال کیلئے موخر کیا ہے، چین کے ایگزم بینک نے باضابطہ طور پر پاکستان کو خط لکھ کر آگاہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے قرضہ رول اوور کیلئے از سر نو شرائط وضوابط کی منظوری دیدی۔ حکومتی ذرائع کے مطابق قرضے پر پاکستان کو اضافی سود ادا نہیں کرنا پڑے گا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق پاکستان اصل معاہدے کے مطابق چین کو قرضے کی رقم ادا کرے گا، تمام 31 قرض معاہدوں کی مدت میں 21 جولائی 2023 سی 30 جون 2025 تک توسیع کر دی گئی۔ چین نے پاکستان کیلئے 2 ارب 10 کروڑ ڈالرز قرض کی ادائیگی موخر کرنے کی منظوری دیدی۔ ذرائع کے مطابق چین نے پاکستان کیلئے قرضہ دو سال کیلئے موخر کیا ہے، چین کے ایگزم بینک نے باضابطہ طور پر پاکستان کو خط لکھ کر آگاہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے (بقیہ نمبر 55)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035